
عملی ریاضی

2











پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور

نظرثانی شدہ : پرائمری ایجوکیشن کریکولم ریفارم پروجیکٹ
مصنفین : سید امیر حسین نقوی
شیخ محمد اختر احمد
ثناءاللہ بھٹی
مدیران : پروفیسر محمد امین
فہیم حسین
نگران طباعت : فہیم حسین
محمد خالد صدیقی
ایڈیٹر انچیف ٹیکنیکل : جاوید اقبال
ناظم فنی : پروفیسر شبیر احمد
نگران آرٹسٹ : محمد ظہیر الحق
السٹریشن، ڈیزائننگ پراسیسنگ : چوہدری اکیڈمی
ناشر : پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ ایمپلائز ویلفیر سوسائٹی
مطبع : عمران پرنٹرز 19 فیروزپور روڈ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میرا نام -- ہے۔

میں دوسری جماعت میں پڑھتا / پڑھتی ہوں
یہ میری ریاضی کی کتاب ہے
آئیے دیکھیں اس کتاب میں

کون سا عنوان ---------------------------- کس صفحے پر ہے۔




5
6
7
8

باب 1

مشق 1 (اعادہ)

سوتک گنتی

خالی خانے اِس طرح پُر کیجیے کہ 1 سے 100 تک ترتیب وار اَعداد حاصل ہوں۔

	2		4			7		9	
11		13		15				19	
	22				26		28		30
		33		35		37		39	
	42		44		46		48		
51		53				57			60
	62		64				68		70
71		73		75				79	
	82		84		86				90
91				95		97		99	

۱ سے 100 تک اعداد ہندسوں اور لفظوں میں۔

1 ایک	2 دو	3 تین	4 چار	5 پانچ	6 چھے	7 سات	8 آٹھ	9 نو	10 دس
11 گیارہ	12 بارہ	13 تیرہ	14 چودہ	15 پندرہ	16 سولہ	17 سترہ	18 اٹھارہ	19 اُنیس	20 بیس
21 اکیس	22 بائیس	23 تئیس	24 چوبیس	25 پچیس	26 چھبیس	27 ستائیس	28 اٹھائیس	29 اُنتیس	30 تیس
31 اکتیس	32 بتیس	33 تینتیس	34 چونتیس	35 پینتیس	36 چھتیس	37 سینتیس	38 اڑتیس	39 اُنتالیس	40 چالیس
41 اکتالیس	42 بیالیس	43 تینتالیس	44 چوالیس	45 پینتالیس	46 چھیالیس	47 سینتالیس	48 اڑتالیس	49 انچاس	50 پچاس
51 اکیاون	52 باون	53 ترپن	54 چوّن	55 پچپن	56 چھپن	57 ستاون	58 اٹھاون	59 انسٹھ	60 ساٹھ
61 اکسٹھ	62 باسٹھ	63 تریسٹھ	64 چونسٹھ	65 پینسٹھ	66 چھیاسٹھ	67 سڑسٹھ	68 اڑسٹھ	69 انہتّر	70 ستّر
71 اکہتّر	72 بہتّر	73 تہتّر	74 چوہتّر	75 پچھتّر	76 چھہتّر	77 ستتّر	78 اٹھتّر	79 اُناسی	80 اسّی
81 اکیاسی	82 بیاسی	83 تراسی	84 چوراسی	85 پچاسی	86 چھیاسی	87 ستاسی	88 اٹھاسی	89 نواسی	90 نوّے
91 اکیانوے	92 بانوے	93 ترانوے	94 چورانوے	95 پچانوے	96 چھیانوے	97 ستانوے	98 اٹھانوے	99 ننانوے	100 سو

نوٹ : معلّم بچّوں کو ۱ سے 100 تک اعداد الفاظ میں پڑھوائیے۔ بچّوں کو ان الفاظ کی املا لکھانے کی ضرورت نہیں۔

مشق 2

نیچے دیے ہوئے ہر جملے میں عدد کو ہندسوں میں لکھیں۔

1	اللہ تعالیٰ کے ننانوے صفاتی نام ہیں۔	99
2	قرآن مجید میں تیس پارے ہیں۔	
3	رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے تریسٹھ برس عمر پائی۔	
4	مسلمان روزانہ پانچ وقت نماز پڑھتے ہیں۔	
5	پاکستان چودہ اگست کو قائم ہوا۔	
6	قائداعظم محمد علی جناحؒ پچیس دسمبر کو پیدا ہوئے۔	
7	لاہور سے گوجرانوالہ سڑسٹھ کلومیٹر دور ہے۔	
8	ہماری کلاس میں کُل ستاون لڑکے پڑھتے ہیں۔	
9	بادشاہی مسجد لاہور کا مینار اُنچاس میٹر اونچا ہے۔	
10	بڑے کمرے میں نواسی کرسیاں پڑی ہیں۔	
11	ایک روپیہ میں سو پیسے ہوتے ہیں۔	
12	ایک ہفتے میں سات دن ہوتے ہیں۔	
13	علامہ اقبالؒ نو نومبر کو پیدا ہوئے۔	
14	قراردادِ پاکستان تیئیس مارچ کو منظور ہوئی۔	

باب 2

ایک ہزار تک عددوں کا لکھنا اور پڑھنا

پہلی جماعت میں ہم سو تک اعداد کے بارے میں پڑھ چکے ہیں اور جانتے ہیں کہ

دس اکائیاں = ایک دہائی = دس (10)

دس دہائیاں = ایک سینکڑا = ایک سو (100)

اب نیچے کے اعداد کو پڑھیں:

سینکڑا	دہائیاں	اکائیاں
	7	5
	8	9
1	0	0

75 میں اکائی کا ہندسہ [5] ہے اور دہائی کا ہندسہ [ ] ہے۔

دائیں طرف سے پہلا ہندسہ 5 اور دوسرا ہندسہ 7 ہے۔

دائیں طرف سے پہلا ہندسہ کیا ظاہر کرتا ہے؟ [5 اکائیاں]

دائیں طرف سے دوسرا ہندسہ کیا ظاہر کرتا ہے؟ [ ]

89 میں اکائی کا ہندسہ [ ] اور دہائی کا ہندسہ [ ] ہے۔

100 میں اکائی کا ہندسہ [ ] اور دہائی کا ہندسہ [ ] ہے۔

دائیں طرف سے تیسرا ہندسہ کیا ہے؟ [1]

یہ کیا ظاہر کرتا ہے ؟ ایک سینکڑا

ہم 100 کو ایک سو پڑھتے ہیں۔

ہم سامنے والے عدد کو کیا پڑھیں گے ؟

سینکڑے	دہائی	اکائی
2	0	0

ہم اسے دو سو پڑھیں گے۔

اِسی طرح

سینکڑے	دہائی	اکائی
3	0	0
4	0	0
5	0	0
6	0	0
7	0	0
8	0	0
9	0	0
10	0	0

3 سو	=	3 سینکڑے
4 سو	=	4 سینکڑے
5 سو	=	5 سینکڑے
6 سو	=	6 سینکڑے
7 سو	=	7 سینکڑے
8 سو	=	8 سینکڑے
9 سو	=	9 سینکڑے
10 سو	=	10 سینکڑے

10 سو کو ایک ہزار کہتے ہیں۔ ہزار کو 1000 لکھتے ہیں۔
1000 کو ہم یوں لکھتے ہیں۔

ہزار	سینکڑا	دہائی	اکائی
1	0	0	0

1000 (ایک ہزار) میں دائیں طرف سے چوتھا ہندسہ ہزار کا ہندسہ ہوتا ہے۔

اب سو سے بڑے چند اعداد کو لکھنے اور پڑھنے کا طریقہ نیچے دیا گیا ہے۔

سینکڑے	دہائیاں	اکائیاں
1	0	1
1	1	0
2	5	6
7	8	6
8	0	9
9	6	8

ایک سو ایک = 1 سینکڑا، 0 دہائی اور 1 اکائی
ایک سو دس = 1 سینکڑا، 1 دہائی اور 0 اکائی
دو سو چھپن = 2 سینکڑے، 5 دہائیاں اور 6 اکائیاں
سات سو چھیاسی = 7 سینکڑے، 8 دہائیاں اور 6 اکائیاں
آٹھ سو نو = 8 سینکڑے، 0 دہائی اور 9 اکائیاں
نو سو اڑسٹھ = 9 سینکڑے، 6 دہائیاں اور 8 اکائیاں

2- اعداد کی ترتیب

مثال : 469 ، 342 ، 523 کو اِس طرح ترتیب سے لکھیں کہ بائیں طرف سے

سب سے پہلے سب سے بڑا عدد ، اس کے بعد اس سے چھوٹا اور سب سے آخر میں سب سے چھوٹا عدد آئے۔

دیے ہُوئے عددوں میں 523 سب سے بڑا ہے۔ 469 اس سے چھوٹا اور 342 سب سے چھوٹا ہے۔ اِس لیے عددوں کی ترتیب یوں ہوگی :

523 ، 469 ، 342

عدد گھٹتی ہُوئی ترتیب میں ہیں۔

مثال : 609 ، 237 ، 872 ، 573 کو اِس ترتیب سے لکھیں کہ

(ا) بائیں سے دائیں اعداد کم ہوتے جائیں۔

(ب) بائیں سے دائیں اعداد بڑے ہوتے جائیں۔


(ا) ترتیب جب کہ اعداد بائیں سے دائیں طرف کم ہوتے جاتے ہیں۔

گھٹتی ہُوئی ترتیب 872 ، 609 ، 573 ، 237


(ب) ترتیب جب کہ اعداد بائیں سے دائیں طرف بڑے ہوتے جاتے ہیں۔

بڑھتی ہُوئی ترتیب 237 ، 573 ، 609 ، 872


3- ہزار کا تصوّر




ایک اکائی = ایک چیز = 1



ایک دہائی = 10 اکائیاں = 10



ایک سینکڑا = 10 دہائیاں = 100



ایک ہزار


= 10 سینکڑے

= 100 دہائیاں

= 1000 اکائیاں



ایک ہزار میں کتنے سینکڑے ؟



ایک سینکڑے میں کتنی دہائیاں ؟



ایک دہائی میں کتنی اکائیاں ؟

مشق 3

1 خالی جگہ پُر کیجیے۔

عدد الفاظ میں	اکائیاں	دہائیاں	سینکڑے
ایک سو چوبیس	4	2	1
دو سو اکتّیس		3	2
تین سو چھیالیس	6	4	
چار سو پچپن		5	4
پانچ سو نو		0	5
نو سو ستاون	7	5	
آٹھ سو تراسی	3		8
نو سو ستّر		7	9
سات سو چونسٹھ	4	6	
نو سو ننانوے	9	9	
نو سو آٹھ	8		9
تین سو پینتالیس		4	3
نو سو بیاسی	2		9

2 خالی خانے اس طرح پُر کیجیے کہ اعداد ترتیب میں ہوں۔

122				126		128	
269			272			275	
361		363			366		
432					437		439
541	542			545		547	
692			695			698	699
848			851		853		
983		985			988	989	

3 اعداد کو اِس طرح ترتیب سے لکھیں کہ :

(ا) اعداد بائیں سے دائیں گھٹتی ہُوئی ترتیب میں ہوں ۔

(ب) اعداد بائیں سے دائیں بڑھتی ہُوئی ترتیب میں ہوں ۔

1	327	869	466		*2*	575	984	998	
3	804	201	392		*4*	684	793	101	
5	909	707	808		*6*	222	999	666	102
7	799	112	894	801	*8*	121	767	707	505

4 خالی خانے اس طرح پُر کریں کہ اعداد ترتیب میں ہوں ۔


964				960			957
	955	954			951		
	947				943		941

478			475	
473				469

301		299		
	295			292

3 دو دو کر کے گننا۔


میرے پاس تھیں **2** ٹافیاں




ابا جان نے **2** ٹافیاں دیں۔
میرے پاس ہوگئیں: **4** ٹافیاں



امّی جان نے **2** ٹافیاں دیں۔
میرے پاس ہوگئیں۔ **6** ٹافیاں



بھائی جان نے **2** ٹافیاں دیں
میرے پاس ہوگئیں۔ **8** ٹافیاں




آپا جان نے **2** ٹافیاں دیں
میرے پاس ہوگئیں **10** ٹافیاں



میرے پاس پہلے ٹافیوں کی تعداد **2** تھی ، پھر **4** ہوگئی۔ اِس کے بعد **6** ہوئی۔
پھر **8** ہو گئی اور پھر **10** ہو گئی۔

2 , 4 , 6 , 8 , 10 , 12 , ... کو دو دو کر کے گِننا کہتے ہیں۔

نیچے پنسلوں کو دو دو کر کے یوں گنیں گے ۔



2 2 2 2 2 2 2 2 2 2

دائیں طرف سے
کل تعداد

2
4
6
8
10
12
14
16
18
20


مشق 4


خالی خانوں کو دو دو کی گنتی کر کے پُر کیجیے۔

2	4	6		10		14
	18		22		26	
30		34		38		42
	46		50			
52			58			64
		70			76	
	82			88		
94			100			

باب
3

1 - جمع





2 + 1 = 3








1 + 2 = 3

پس معلوم ہوا کہ 2 + 1 = 1 + 2


نوٹ: اوپر جمع کی خاصیت مبادلہ کا تصور دیا گیا ہے۔ بچوں کو صرف یہ بتا دیا جائے کہ پہلے عدد میں دوسرا عدد یا دوسرے عدد میں پہلا عدد جمع کیا جائے تو دونوں صورتوں میں حاصل جمع ایک ہی ہو گا۔









3 + 4 = 7







4 + 3 = 7

پس معلوم ہوا کہ 3 + 4 = 4 + 3

مشق 5

خالی خانے پُر کیجیے :-

1	2 + 7 = ☐	7 + 2 = ☐
2	1 + 5 = ☐	5 + 1 = ☐
3	3 + 0 = ☐	0 + 3 = ☐
4	8 + 3 = ☐	3 + 8 = ☐
5	6 + 4 = ☐	4 + 6 = ☐
6	5 + 9 = ☐	9 + 5 = ☐
7	7 + 10 = ☐	10 + 7 = ☐
8	8 + 7 = ☐	7 + 8 = ☐
9	3 + 9 = ☐	9 + 3 = ☐
10	7 + 6 = ☐	6 + 7 = ☐
11	11 + 8 = ☐	8 + 11 = ☐
12	8 + 9 = ☐	9 + 8 = ☐


2 - دوہندسی عدد میں دوہندسی عدد کی جمع بلاحاصل

مشق 6 (اعادہ)

حل کریں۔

1. 10 + 29	2. 21 + 28	3. 43 + 25	4. 25 + 12
5. 12 + 35	6. 46 + 31	7. 55 + 32	8. 30 + 12
9. 13 + 15	10. 13 + 32	11. 31 + 13	12. 15 + 20
13. 24 + 15	14. 27 + 21	15. 19 + 20	16. 34 + 15
17. 18 + 31	18. 37 + 12	19. 24 + 23	20. 23 + 13

مثال 1 : 34 اور 25 کو جمع کریں۔



حل: آئیں اس سوال کو بال فریم کی مدد سے حل کرتے ہیں۔

اگر بال فریم پر دائیں طرف کی سیاہ گولیاں اکائیوں کو ظاہر کریں اور بائیں طرف کی سبز گولیاں دہائیوں کو ظاہر کریں تو بال فریم میں ڈالیں۔

34 کے لیے 4 سیاہ گولیاں 3 سبز گولیاں

25 کے لیے 5 سیاہ گولیاں 2 سبز گولیاں

گولیوں کو گننے سے معلوم ہوا کہ

دائیں طرف والی سلاخ میں 9 سیاہ گولیاں ہیں اور بائیں طرف والی سلاخ میں 5 سبز گولیاں ہیں جو 59 کو ظاہر کرتی ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ 34 اور 25 کا مجموعہ 59 ہے۔

اس عمل کو بال فریم کے بغیر یوں کیا جاسکتا ہے۔


اکائیاں	دہائیاں
4	3
5	+ 2
9	5

یا


$$\begin{array}{r} 34 \\ +\ 25 \\ \hline 59 \end{array}$$

مثال 2 : ساجد کے پاس 35 اور شاہد کے پاس 43 پنسلیں ہیں۔
دونوں کے پاس کل کتنی پنسلیں ہیں ؟

حل :







ساجد کی پنسلیں = 35 یعنی 5 پنسلیں اور 3 بنڈل




شاہد کی پنسلیں = 43 یعنی 3 پنسلیں اور 4 بنڈل

ساجد اور شاہد کی پنسلیں مِلا دینے سے



5 پنسلیں اور 3 پنسلیں مِل کر ہُوئیں 8 پنسلیں

3 بنڈل اور 4 بنڈل مِل کر ہوئے 7 بنڈل

8 پنسلیں اور 7 بنڈل مِل کر ہُوئیں 78 پنسلیں

اس عمل کو یوں بھی لکھ سکتے ہیں:

دہائیاں	اکائیاں
3	5
+ 4	3
7	8

یا

35
+ 43
78

پس دونوں کے پاس کل 78 پنسلیں ہیں۔

مشق 7

جمع کریں

	دہائی	اکائی		دہائی	اکائی		دہائی	اکائی		دہائی	اکائی
1	1 1	3 4	6	1 3	4 1	11	3 4	1 3	16	4 3	3 4
2	1 1	7 2	7	6 2	3 5	12	2 2	3 5	17	5 2	5 2
3	3 2	5 2	8	5 2	2 5	13	7 2	3 5	18	3 2	8 1
4	3 1	5 2	9	6 1	3 3	14	7 1	0 5	19	5 1	0 8
5	2 1	3 3	10	3 4	6 2	15	6 3	6 3	20	5 4	5 4

مشق 8


حل کریں۔

1	37 + 20	6	30 + 16	11	21 + 26	16	43 + 24
2	66 + 20	7	52 + 20	12	31 + 53	17	70 + 13
3	63 + 36	8	50 + 37	13	29 + 60	18	31 + 25
4	37 + 62	9	46 + 22	14	24 + 23	19	40 + 10
5	55 + 14	10	20 + 27	15	36 + 50	20	23 + 70


حل کیجیے

21	22 + 13 = 35	28	54 + 12 =
22	25 + 22 =	29	63 + 14 =
23	35 + 21 =	30	43 + 50 =
24	40 + 16 =	31	55 + 44 =
25	27 + 30 =	32	51 + 16 =
26	20 + 24 =	33	51 + 15 =
27	72 + 23 =	34	61 + 38 =

.35



عامر کے پاس کیلے ہیں ☐



ارشد کے پاس کیلے ہیں ☐

دونوں کے پاس کُل ☐ کیلے ہیں۔

36 زاہدہ کے پاس 32 موتی ہیں اور ساجدہ کے پاس 45 موتی ہیں۔ دونوں کے پاس کُل کتنے موتی ہیں ؟

$$\begin{array}{r} 32 \\ +\ 45 \\ \hline \end{array}$$


37 ایک سکول کی پہلی جماعت میں 26 لڑکیاں دوسری جماعت میں 32 لڑکیاں ہیں۔ بتائیں دونوں جماعتوں میں کُل کتنی لڑکیاں ہیں ؟

+

38 ایک ٹوکری میں 24 آم ہیں اور دوسری ٹوکری میں کوئی آم نہیں ہے۔ بتائیں دونوں ٹوکریوں میں کل کتنے آم ہیں۔

+

3 - تین ہندسی اعداد کی جمع بلا حاصل جبکہ مجموعہ 999 تک ہو



مثال 1: حل کریں

$$\begin{array}{r} 542 \\ +237 \\ \hline \end{array}$$

حل :

ہم نے بال فریم میں ڈالیں:

542 کے لیے	2 سیاہ، 4 سبز اور 5 سرخ گولیاں
237 کے لیے	7 سیاہ، 3 سبز اور 2 سرخ گولیاں
کل	9 سیاہ، 7 سبز اور 7 سرخ گولیاں ظاہر کرتی ہیں : 779

پس 542 اور 237 کا مجموعہ 779 ہے

اکائیاں	دہائیاں	سینکڑے
2	4	5
7	3	+ 2
9	7	7

یا

$$\begin{array}{r} 542 \\ +237 \\ \hline 779 \\ \hline \end{array}$$

مثال 2: 475 میں 300 جمع کریں۔

حل :

اکائیاں	دہائیاں	سینکڑے
5	7	4
0	0	3 +
5	7	7

یا

$$\begin{array}{r} 475 \\ +\ 300 \\ \hline 775 \end{array}$$

اس مثال سے واضح ہوتا ہے کہ جس طرح، دو عددوں کی جمع کرتے وقت، اکائیوں میں اکائیاں اور دہائیوں میں دہائیاں جمع کی جاتی ہیں، اسی طرح سینکڑوں میں سینکڑے جمع کیے جاتے ہیں۔

مثال 3: 654 میں 335 جمع کریں۔

حل :

اکائیاں	دہائیاں	سینکڑے
4	5	6
5	3	3 +
9	8	9

یا

$$\begin{array}{r} 654 \\ +335 \\ \hline 989 \end{array}$$

مشق 9

حل کیجیے۔


1 427 + 321	2 387 + 412	3 564 + 334	4 607 + 250
5 770 + 109	6 309 + 690	7 694 + 203	8 543 + 344
9 212 + 326	10 323 + 413	11 432 + 300	12 104 + 223
13 535 + 130	14 142 + 5	15 615 + 210	16 630 + 109
17 62 + 113	18 720 + 111	19 214 + 51	20 31 + 410

4- جمع یا حاصل

ہم پہلے پڑھ چکے ہیں کہ دو عددوں کو جمع کرتے وقت

(1) اکائیوں میں اکائیاں جمع کی جاتی ہیں۔
(2) دہائیوں میں دہائیاں جمع کی جاتی ہیں۔
(3) سینکڑوں میں سینکڑے جمع کیے جاتے ہیں۔

نیز پہلی جماعت میں ہم جمع کے ایسے سوالات حل کرتے رہے ہیں، جن کے مطابق بعض ایک ہندسی دو عددوں کا مجموعہ دو ہندسی ہوتا ہے مثلاً



5 اکائیوں اور 7 اکائیوں کا مجموعہ = 12 اکائیاں
چونکہ 10 اکائیاں = 1 دہائی
اس لیے 12 اکائیاں = 2 اکائیاں اور 1 دہائی

دہائی	اکائی
	5
	7
1	2

اَب ذیل کی مثال دیکھیے:

5 دہائیاں + 7 دہائیاں = 12 دہائیاں
چونکہ 10 دہائیاں = 1 سینکڑا
اِس لیے 12 دہائیاں = 2 دہائیاں اور 1 سینکڑا

سینکڑے	دہائیاں	اکائیاں
	5	0
+	7	0
1	2	0


نوٹ: عددوں کو جمع کرتے وقت اگر اکائیوں یا دہائیوں کی تعداد 10 یا 10 سے زیادہ ہو جائے تو 10 اکائیوں سے بننے والی دہائی اور 10 دہائیوں سے بننے والے سینکڑے کو حاصل کہتے ہیں اور عددوں کی ایسی جمع کو جمع یا حاصل کہتے ہیں۔

5 - دوہندسی عدد میں دوہندسی عدد کی جمع (باحاصل)


مثال 3: عظمیٰ کے پاس 28 پنسلیں اور عدیلہ کے پاس 14 پنسلیں ہیں دونوں کے پاس کل کتنی پنسلیں ہیں ؟

پہلا طریقہ :


حل :



عظمیٰ کے پاس 28 پنسلیں ہیں۔




عدیلہ کے پاس 14 پنسلیں ہیں۔



دونوں کے پاس کل پنسلیں



یا



یعنی 42 پنسلیں ہیں۔

پس 42 = 14 + 28


اُوپر کے عمل کو یوں لکھتے ہیں :

دہائیاں	اکائیاں
①	
2	8
+ 1	4
4	① 2

یا

①
2 8
+ 1 4
4 2

وضاحت 8 اکائیوں میں 4 اکائیاں جمع کیں تو 12 اکائیاں حاصل ہوئیں۔ جو 2 اکائیوں اور 1 دہائی کے برابر ہیں۔ 2 کو اکائیوں کے نیچے لکھا اور ایک دہائی کو حاصل کے طور پر دہائیوں کے اُوپر لکھ دیا۔ ①، 2 اور 1 دہائیوں کا مجموعہ 4 حاصل ہوا۔ پس کُل مجموعہ 42 ہے۔



مثال 4 : 45 میں 39 جمع کیجیے۔

45 کے لیے	5 سیاہ گولیاں اور 4 سبز گولیاں
39 کے لیے	9 سیاہ گولیاں اور 3 سبز گولیاں
کُل	14 سیاہ گولیاں اور 7 سبز گولیاں

اور

14 سیاہ گولیاں = 4 سیاہ گولیاں اور 1 سبز گولی



اس طرح **4** سیاہ گولیاں اور **8** سبز گولیاں حاصل ہوئیں جو 84 کو ظاہر کرتی ہیں۔

پس 45 اور 39 کا مجموعہ 84 ہے۔

مختصر طور پر

$$\begin{array}{r} ① \\ 45 \\ +\ 39 \\ \hline 84 \end{array}$$

مثال 5 : 57 میں 64 جمع کیجیے۔

حل


$$\begin{array}{r} ① \\ 57 \\ +\ 64 \\ \hline 121 \end{array}$$

مشق 10

حل کیجیے۔

1 $\begin{array}{r} 16 \\ +\ 5 \\ \hline \end{array}$	2 $\begin{array}{r} 12 \\ +\ 8 \\ \hline \end{array}$	3 $\begin{array}{r} 11 \\ +\ 9 \\ \hline \end{array}$	4 $\begin{array}{r} 16 \\ +\ 7 \\ \hline \end{array}$
5 $\begin{array}{r} 15 \\ +\ 6 \\ \hline \end{array}$	6 $\begin{array}{r} 14 \\ +\ 8 \\ \hline \end{array}$	7 $\begin{array}{r} 9 \\ +\ 14 \\ \hline \end{array}$	8 $\begin{array}{r} 6 \\ +\ 18 \\ \hline \end{array}$
9 $\begin{array}{r} 26 \\ +\ 16 \\ \hline \end{array}$	10 $\begin{array}{r} 35 \\ +\ 18 \\ \hline \end{array}$	11 $\begin{array}{r} 74 \\ +\ 18 \\ \hline \end{array}$	12 $\begin{array}{r} 45 \\ +\ 35 \\ \hline \end{array}$
13 $\begin{array}{r} 65 \\ +\ 26 \\ \hline \end{array}$	14 $\begin{array}{r} 47 \\ +\ 34 \\ \hline \end{array}$	15 $\begin{array}{r} 58 \\ +\ 33 \\ \hline \end{array}$	16 $\begin{array}{r} 59 \\ +\ 38 \\ \hline \end{array}$
17 $\begin{array}{r} 83 \\ +\ 42 \\ \hline \end{array}$	18 $\begin{array}{r} 70 \\ +\ 95 \\ \hline \end{array}$	19 $\begin{array}{r} 65 \\ +\ 76 \\ \hline \end{array}$	20 $\begin{array}{r} 57 \\ +\ 87 \\ \hline \end{array}$

6- تین ہندسی اعداد کی جمع با حاصل جبکہ حاصل جمع 999 سے زیادہ نہ ہو



مثال : 426 میں 349 جمع کیجیے۔

حل :

426 کے لیے	6 سیاہ ، 2 سبز اور 4 سُرخ گولیاں
349 کے لیے	9 سیاہ ، 4 سبز اور 3 سُرخ گولیاں
کُل	15 سیاہ ، 6 سبز اور 7 سُرخ گولیاں

یعنی 5 سیاہ ، 7 سبز اور 7 سُرخ گولیاں

پس مجموعہ 775



	①	
4	2	6
+ 3	4	9
7	7	5


یا

سینکڑے	دہائیاں	اکائیاں
	①	
4	2	6
+ 3	4	9
7	7	① 5

مثال 2 :

599 اور 356 کا مجموعہ معلوم کیجیے۔





ہم نے بال فریم میں ڈالیں :

599 کے لیے	9 سیاہ، 9 سبز اَور 5 سُرخ گولیاں
356 کے لیے	6 سیاہ، 5 سبز اَور 3 سُرخ گولیاں
کُل	15 سیاہ، 14 سبز اور 8 سُرخ گولیاں


یا

5 سیاہ، 15 سبز اور 8 سُرخ گولیاں

یا

5 سیاہ، 5 سبز اور 9 سُرخ گولیاں

پس مجموعہ = 955



①①
599
+356
955

یا

سینکڑے	دہائیاں	اکائیاں
①	①	
5	9	9
+3	5	6
	①5	①5

مشق 11

جمع کیجیے۔

1 654 + 239	2 569 + 305	3 447 + 234	4 184 + 706
5 589 + 279	6 575 + 325	7 764 + 136	8 268 + 678
9 706 + 185	10 755 + 235	11 379 + 221	12 408 + 306
13 507 + 309	14 666 + 277	15 707 + 196	16 569 + 338
17 769 + 198	18 455 + 266	19 333 + 567	20 209 + 699


7 – تین اعداد کی جمع

بلا حاصل


اگر تین عددوں کو جمع کرنا ہو، تو اُن میں سے کوئی سے دو عددوں کے مجمُوعے میں تیسرا عدد جمع کرنے سے تینوں عددوں کا مجموعہ معلوم ہو جائے گا۔

مثال 1 3 سیب، 4 سیب اور 2 سیب مِل کر کُل کتنے سیب ہوئے؟

حل:




3



+ 4

7



+ 2

9

پس کُل 9 سیب ہُوئے۔

تین عددوں کو ایک ساتھ بھی جمع کیا جا سکتا ہے ہم دو عددوں کا مجمُوعہ لکھے بغیر زبانی سوچ کر، اس مجمُوعے میں تیسرا عدد جمع کر لیتے ہیں۔

3	= پہلا عدد
4	= دُوسرا عدد
2	= تیسرا عدد
9	= مجمُوعہ

مثال 2 : 32، 23 اور 41 کا مجموعہ بتائیں

حل

اکائیاں	دہائیاں
2	3
3	2
1	+4
6	9

یا

$$\begin{array}{r} 32 \\ 23 \\ +\ 41 \\ \hline 96 \end{array}$$

وضاحت

تینوں اکائیوں کو جمع کیا۔
تینوں دہائیوں کو جمع کیا۔

مثال 3 : 256 ، 321 اور 212 کو جمع کیجیے۔

حل

اکائیاں	دہائیاں	سینکڑے
6	5	2
1	2	3
2	1	+2
9	8	7

یا

$$\begin{array}{r} 256 \\ 321 \\ +\ 212 \\ \hline 789 \end{array}$$

وضاحت

اکائیوں، دہائیوں اور سینکڑوں کو الگ الگ جمع کیا۔

مشق 12

جمع کیجیے۔

1	1 5 2	2	20 5 13	3	33 21 24
4	131 212 326	5	512 104 223	6	615 210 122
7	720 107 111	8	323 221 413	9	535 204 130
10	630 210 109	11	500 215 52	12	432 300 105
13	142 5 321	14	62 113 224	15	8 31 410

8 - تین اعداد کی جمع (با حاصل)

تین اعداد کی جمع با حاصل کا طریقہ مندرجہ ذیل مثالوں سے واضح کیا جاتا ہے۔

مثال : 2 ، 4 اور 8 کو جمع کیجیے۔

حل :

2
4
+ 8
14

وضاحت

2 + 4 = 6 اکائیاں

6 + 8 = 14 اکائیاں

14 اکائیاں = 4 اکائیاں اور 1 دہائی

مثال 2 : 75 ، 26 اور 68 کو جمع کیجیے۔

حل

①
75
26
+ 68
169

وضاحت

5 + 6 + 8 = 19

19 اکائیاں = 9 اکائیاں اور 1 دہائی

1 + 7 + 2 + 6 = 16 دہائیاں

16 دہائیاں = 6 دہائیاں اور 1 سینکڑا

مثال 3 :- 238 ، 79 اور 604 کو جمع کریں۔

حل

① ②
238
79
+ 604
921

وضاحت

8 + 9 + 4 = 21 اکائیاں

21 اکائیاں = 1 اکائی اور 2 دہائیاں

2 + 3 + 7 = 12 دہائیاں

12 دہائیاں = 2 دہائیاں اور 1 سینکڑا

1 + 2 + 6 = 9 سینکڑے

مشق 13

جمع کیجیے۔

1 2 3 5	2 13 4 5	3 25 37 26	4 10 66 44
5 201 8 77	6 319 7 582	7 512 152 217	8 603 124 246
9 315 153 460	10 205 579 126	11 456 234 123	12 6 295 323
13 8 60 307	14 23 34 571	15 12 213 94	16 381 79 402
17 506 256 204	18 104 56 22	19 546 179 187	20 82 328 415

21 ایک تھیلی میں 478 روپے ہیں ، دوسری میں 256 روپے اور تیسری میں 133 روپے ، تینوں تھیلیوں میں کُل کتنی رقم ہے ؟

$$\begin{array}{r} 478 \\ 256 \\ +133 \\ \hline \end{array}$$


22 ایک سکول میں پہلی کلاس میں 93 ، دوسری کلاس میں 78 اور تیسری کلاس میں 69 طالب علم ہیں ۔ ان تینوں کلاسوں میں کُل کتنے طالب علم ہیں ؟

23 مُحسن نے ایک ہفتے میں 215 سوال ، دوسرے ہفتے میں 300 سوال اور تیسرے ہفتے میں 479 سوال حل کیے ۔ بتائیں اُس نے تینوں ہفتوں میں کُل کتنے سوال حل کیے ۔


24 عاطف نے ایک الماری 614 روپے میں ، میز 217 روپے میں اور کُرسی 145 روپے میں خریدی ۔ ان تینوں چیزوں کی کُل قیمت معلوم کیجیے ۔

باب 4

ا- تفریق



اگر 5 آموں میں سے 2 آم کھا لیے جائیں، تو 3 آم بچتے ہیں۔



6 چوزوں میں سے اگر ا چوزہ ڈربے میں چلا جائے تو باقی 5 چوزے بچیں گے۔


نکالنے یا گھٹانے کے عمل کو تفریق کہتے ہیں۔


تفریق کو علامت ' — ' سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

اُوپر دی ہُوئی مثالوں کو تفریق کی علامت سے اس طرح لکھا جاتا ہے۔


3 = 2 - 5 اور پڑھتے ہیں (پانچ نفی دو برابر تین کے) اور

5 = ا - 6 اور پڑھتے ہیں (چھے نفی ایک برابر پانچ کے)

8


-5


8 میں سے 5 کیلے کھا لیے۔

3


باقی رہ گئے 3

اِس کو یوں لِکھ سکتے ہیں :

یا $8 - 5 = 3$

3 لڈّو ہیں۔ اِن میں سے کِسی نے کوئی لڈّو نہیں کھایا اس کو یوں لِکھ سکتے ہیں :


3
-0
3


یا $3 - 0 = 3$

مشق 14

پہلے سوال کو دیکھ کر باقی سوالوں میں خالی خانے پُر کیجیے۔

4 پھُولوں میں سے 3 پھُول اُٹھا لیے باقی رہا 1 پھُول



4 — 3 = 1


7 گیندوں میں سے 2 گیندیں بچوں کو دے دی گئیں۔ باقی کتنی گیندیں رہیں؟





☐

7 — 2 = ☐



3 پیالیوں میں سے



1 پیالی ٹوٹ گئی

باقی کتنی رہیں؟




☐ — ☐ = 2



اسلم نے 6

کتابوں میں سے



3 کتابیں پڑھ لیں۔ کتنی کتابیں ابھی پڑھنا باقی ہیں؟



6 — ☐ = ☐



8 روپوں میں سے کوئی روپیہ خرچ نہیں کیا۔



باقی کتنے روپے بچے؟



کوئی روپیہ خرچ نہیں کیا یعنی 0 (صفر) روپے خرچ کئے۔

8 — 0 = ☐

مشق 15

1 حل کیجیے۔

5 − 4	3 − 1	6 − 3	7 − 2	4 − 3	9 − 6 = 3

2 حل کیجیے۔

5 − 3 =	8 − 3 =	8 − 5 = 3
4 − 2 =	7 − 6 =	9 − 5 =

3 گھٹانے سے کیا بچا ؟

4 میں سے 3 = 1	2 میں سے 1 =	6 میں سے 2 =
7 میں سے 4 =	5 میں سے 2 =	8 میں سے 4 =


4 کتنا کم ہے ؟


6 سے 2 = 4	9 سے 7 =	8 سے 5 =

5 کتنا زیادہ ہے ؟

4 سے 6 =	8 سے 9 =	1 سے 5 =

6 درمیان میں لکھے ہُوئے عدد میں سے باہر کے ہر عدد کو تفریق کر کے جواب خالی خانوں میں لکھیے۔





2- دو ہندسی عدد میں سے ایک ہندسی عدد کی تفریق بلا حاصل



مثال 1: 5 − 17 کو حل کیجیے۔

حل 17 کو بال فریم پر ظاہر کرنے کے لیے دائیں طرف سے پہلی سلاخ میں 7 سیاہ گولیاں اور دوسری سلاخ میں ایک سبز گولی ڈالی۔

اَب پہلی سلاخ سے 5 سیاہ گولیاں نِکال لیں۔

(تصویر میں یہ عمل ہاتھ سے گولیاں نِکالتے ہوئے دکھایا گیا ہے)

اَب پہلی سلاخ میں 2 سیاہ اور دُوسری میں 1 سبز گولی رہ گئی ہے۔ یعنی 2 اکائیاں اور

1 دہائی یا 12 باقی رہا۔

$$17 - 5 = 12$$

$$\begin{array}{r} 17 \\ -\ 5 \\ \hline 12 \end{array}$$

یا

اکائیاں	دہائیاں
7	1
5	−
2	1

مشق 16

حل کیجیے :

1. 18 − 6	2. 25 − 4	3. 36 − 3	4. 49 − 4
5. 57 − 5	6. 68 − 3	7. 77 − 4	8. 89 − 9
9. 96 − 4	10. 97 − 2	11. 66 − 3	12. 59 − 8
13. 37 − 6	14. 48 − 7	15. 97 7	16. 88 − 4
17. 39 − 4	18. 88 − 6	19. 75 − 4	20. 38 − 2

مشق 17

خالی خانے پُر کیجیے :

1	5 - 2 =	3	25 - 2 =	23
2	7 - 3 =		47 - 3 =	
3	6 - 1 =		56 - 1 =	
4	8 - 7 =		48 - 7 =	
5	9 - 3 =		29 - 3 =	
6	5 - 2 =		65 - 2 =	
7	9 - 4 =		79 - 4 =	
8	6 - 0 =		36 - 0 =	
9	8 - 0 =		18 - 0 =	
10	9 - 0 =		79 - 0 =	
11	3 - 1 =		33 - 1 =	
12	9 - 1 =		59 - 1 =	
13	8 - 2 =		38 - 2 =	
14	7 - 6 =		47 - 6 =	
15	6 - 5 =		66 - 5 =	

3- دہائیوں کی تفریق

30	3 دہائیاں
−20	2 دہائیاں نفی
10	1 دہائی
60	6 دہائیاں
− 40	4 دہائیاں نفی
20	2 دہائیاں
50	5 دہائیاں
−20	2 دہائیاں نفی
30	3 دہائیاں

مشق 18

حل کیجیے۔

50 − 30 20	5 دہائیاں نفی 3 دہائیاں 2 دہائیاں	30 − 20 10	3 دہائیاں نفی 2 دہائیاں 1 دہائی
80 − 20	8 دہائیاں نفی 2 دہائیاں 6 دہائیاں	60 − 40	6 دہائیاں نفی 4 دہائیاں 2 دہائیاں

80 −30	40 −20	50 −40	50 −50 0	50 −20	50 −10
90 −40	80 −60	80 −40	60 −30	60 −20	70 −30

تفریق کر کے خالی خانے پُر کیجیے۔

30 — 10	=	20	دہائیاں	2	3 دہائیاں نفی 1 دہائی	1
40 — 20	=	□	دہائیاں		4 دہائیاں نفی 2 دہائیاں	2
50 — 30	=	□	دہائیاں		5 دہائیاں نفی 3 دہائیاں	3
60 — 10	=	□	دہائیاں		6 دہائیاں نفی 1 دہائی	4
70 — □	=	30	دہائیاں		7 دہائیاں نفی 4 دہائیاں	5
80 — □	=	10	دہائی		8 دہائیاں نفی 7 دہائیاں	6



4 - دو ہندسی عدد میں سے دو ہندسی عدد کی تفریق بلا حاصل

مثال 1 : 65 میں سے 32 تفریق کیجیے۔

حل : بال فریم میں ڈالیں :

65 کے لیے	5 سیاہ گولیاں اور 6 سبز گولیاں
32 کے لیے	2 سیاہ گولیاں اور 3 سبز گولیاں



ہمارے پاس 3 سیاہ گولیاں اور 3 سبز گولیاں بچ رہیں گی۔

یعنی 3 اکائیاں اور 3 دہائیاں = 33

اکائیاں	دہائیاں
5	6
2	−3
3	3

یا

65
− 32
33

مثال 2 : 78 میں سے 26 تفریق کیجیے۔

حل : 78 = 8 اکائیاں اور 7 دہائیاں

26 = 6 اکائیاں اور 2 دہائیاں

فرق = 2 اکائیاں اور 5 دہائیاں

= 52

اکائیاں	دہائیاں
8	7
6	_2
2	5

یا

78
− 26
52

مشق 19

حل کیجیے۔

1 12 − 10	2 28 − 14	3 32 − 20	4 44 − 13
5 56 − 32	6 64 − 32	7 75 − 20	8 74 − 41
9 87 − 35	10 83 − 52	11 99 − 34	12 97 − 62
13 29 − 16	14 39 − 22	15 79 − 54	16 42 − 30
17 58 − 31	18 48 − 32	19 68 − 44	20 78 − 26

5- تین ہندسی عدد میں سے ایک ہندسی عدد اور دو ہندسی عدد کی تفریق بلا حاصل

ہم پڑھ چکے ہیں کہ دو ہندسی عددوں کی تفریق میں اکائیوں میں سے اکائیاں اور دہائیوں میں سے دہائیاں تفریق کی جاتی ہیں۔ اب نیچے کی مثالیں دیکھیے۔

مثال 1 : 328 میں سے 5 تفریق کیجیے۔

حل :

سینکڑے	دہائیاں	اکائیاں
3	2	8
—		5
3	2	3

یا

$$\begin{array}{r} 328 \\ -\quad 5 \\ \hline 323 \end{array}$$

مثال 2 : 746 میں سے 25 تفریق کیجیے۔

حل :

سینکڑے	دہائیاں	اکائیاں
7	4	6
—	2	5
7	2	1

یا

$$\begin{array}{r} 746 \\ -\quad 25 \\ \hline 721 \end{array}$$

ہم نے دیکھا ہے کہ مثال 2 میں 6 اکائیوں میں سے 5 اکائیاں اور 4 دہائیوں میں سے 2 دہائیاں تفریق کی گئی ہیں۔

مشق 20

۱- حل کیجیے

1	178 −3	6	299 −6	11	277 −16	16	268 −15
2	357 −4	7	378 −7	12	375 −53	17	447 −20
3	535 −2	8	656 −6	13	685 −24	18	645 −33
4	754 −4	9	535 −1	14	788 −78	19	813 −13
5	486 −5	10	777 −7	15	993 −62	20	576 −10

2- حل کیجیے۔

1 $123 - 2 =$		9 $188 - 45 =$	
2 $234 - 3 =$		10 $256 - 30 =$	
3 $165 - 4 =$		11 $649 - 25 =$	
4 $276 - 5 =$		12 $278 - 18 =$	
5 $367 - 2 =$		13 $787 - 24 =$	
6 $198 - 3 =$		14 $389 - 25 =$	
7 $389 - 5 =$		15 $618 - 17 =$	
8 $479 - 9 =$		16 $999 - 88 =$	

6- تین ہندسی عدد میں سے تین ہندسی عدد کی تفریق بلا حاصل

ہم نے پڑھا ہے کہ دو عددوں کی تفریق میں اکائیوں میں سے اکائیاں اور دہائیوں میں سے دہائیاں تفریق کی جاتی ہیں۔ اسی طرح تین ہندسی عددوں کی تفریق میں اکائیوں اور دہائیوں کی تفریق کے علاوہ سینکڑوں میں سے سینکڑے تفریق کیے جاتے ہیں۔

نیچے کی مثالوں سے یہ بات واضح ہو جائے گی۔

مثال 1 : 687 میں سے 500 تفریق کیجیے۔

حل :

سینکڑے	دہائیاں	اکائیاں
6	8	7
– 5	0	0
1	8	7

یا

687
– 500
187

مثال 2 : 728 میں سے 213 تفریق کیجیے۔

حل :

سینکڑے	دہائیاں	اکائیاں
7	2	8
– 2	1	3
5	1	5

یا

728
– 213
515

مشق 21


حل کیجیے۔

1 524 − 312	5 637 − 416	9 779 − 319	13 689 − 587
2 439 − 229	6 849 − 649	10 333 − 123	14 587 − 365
3 957 − 823	7 948 − 216	11 555 − 430	15 774 − 333
4 476 − 350	8 786 − 560	12 634 − 304	16 768 − 345

تفریق کرکے باقی لکھیں۔

17	735 − 613 =	735 − 613 122
18	528 − 316 =	
19	357 − 221 =	
20	484 − 361 =	
21	826 − 510 =	826 − 510
22	767 − 205 =	
23	999 − 223 =	
24	727 − 107 =	

25 ایک پلیٹی میں **246** انڈے تھے۔ ٹھوکر لگنے سے کچُھ انڈے ٹوٹ گئے اور **232** انڈے ثابت رہے۔ بتائیں کتنے انڈے ٹوٹ گئے۔




7 – تفریق باحاصل

اب تک ہم تفریق کے ایسے سوالات حل کرتے رہے ہیں جن میں تفریق ہونے والے عدد کے مقابلے میں، ہر مقام پر، اُوپر والے عدد کا ہندسہ بڑا ہوتا تھا۔ اب ہم تفریق کے ایسے سوالات حل کرنے کا طریقہ سیکھیں گے جن میں تفریق ہونے والے عدد کا کسی مقام کا ہندسہ اُوپر والے عدد کے اس مقام کے ہندسے سے بڑا ہو۔

مثال 1 : عابدہ کے پاس 32 گولیاں تھیں۔ اس نے 8 گولیاں اپنے بھائی کو دے دیں۔ عابدہ کے پاس کتنی گولیاں رہ گئیں ؟

حل اگر گولیاں دس دس کے پیکٹوں میں بند ہوں، تو صورت مندرجہ ذیل ہو گی :



عابدہ کے پاس 32 گولیاں تھیں۔

عابدہ نے اپنے بھائی کو 8 گولیاں دیں۔

عابدہ کے پاس 24 گولیاں باقی رہ گئیں۔ اِس سے معلوم ہُوا کہ

$$32 - 8 = 24$$

وضاحت : کھلی گولیاں صِرف **2** ہیں، اس لیے اپنے بھائی کو **8** گولیاں دینے کے لیے عابدہ نے **10** گولیوں کا ایک پیکیٹ کھول لیا۔ اس طرح **10** اور **2** یعنی **12** گولیاں ہوئیں۔ ان میں سے **8** گولیاں دینے کے بعد باقی **4** گولیاں رہ گئیں۔

باقی کُل گولیاں = **4** کھلی گولیاں اور گولیوں کے **2** پیکیٹ۔

دوسرا طریقہ :

32 = **2** اکائیاں **3** دہائیاں

8 = **8** اکائیاں **0** دہائی

دہائیاں	اکائیاں
(2)	(10)
~~3~~	2
−0	8
2	4

یا

(2)	(10)
~~3~~	2
−	8
2	4

وضاحت :

2 اکائیوں میں سے **8** اکائیاں تفریق نہیں ہوسکتیں۔ لہٰذا

3 دہائیوں میں سے **1** دہائی لی، جس میں **10** اکائیاں ہیں۔

اس طرح **12** اکائیاں بن گئیں اور **2** دہائیاں رہ گئیں۔

12 اکائیوں میں سے **8** اکائیاں نکالنے سے **4** اکائیاں باقی بچیں۔

ان **4** اکائیوں کو باقی **2** دہائیوں کے ساتھ ملانے سے **24** حاصل ہوا۔

مثال 2 : **90** میں سے **64** تفریق کیجیے۔

حل:

(8)	(10)
~~9~~	0
−6	4
2	6

مثال 3 : 672 میں سے 561
تفریق کیجیے۔

حل :

6	7	2
− 5	6	1
1	1	1

مثال 4: 807 میں سے 789
تفریق کیجیے۔

حل :

(7)	(9)	(10)
~~8~~	0	7
− 7	8	9
	1	8

مشق 22

۱- حل کیجیے :

دہائیاں	اکائیاں	دہائیاں	اکائیاں	دہائیاں	اکائیاں	دہائیاں	اکائیاں
3	6	3	5	5	5	2	3
−	8	−	7	−	8	−	6
7	3	6	6	5	7	4	5
− 3	6	− 2	7	− 1	8	− 1	6
2	8	3	2	4	3	5	6
− 1	9	− 2	3	− 3	4	− 4	7

تفریق کیجیے :

1) 32 − 19	7) 47 − 19	13) 40 − 25	19) 80 − 56
2) 57 − 28	8) 52 − 14	14) 60 − 35	20) 90 − 66
3) 45 − 17	9) 56 − 38	15) 70 − 23	21) 92 − 17
4) 62 − 23	10) 54 − 16	16) 98 − 89	22) 95 − 88
5) 51 − 29	11) 81 − 49	17) 78 − 59	23) 97 − 59
6) 45 − 17	12) 87 − 58	18) 81 − 55	24) 83 − 47

25 87 اور 78 میں سے کون سا عدد بڑا ہے اور کتنا ؟

26 65 اور 56 میں سے کون سا عدد چھوٹا ہے اور کتنا ؟

حل کیجیے :

27) 684 −561	28) 708 −503	29) 879 −564	30) 935 −712	
31) 989 −872	32) 563 −379	33) 607 −489	34) 785 −698	35) 906 −897

مشق 23

تفریق کریں۔

1
85 میں سے 46

(7) (10)
8 5
- 4 6
3 9

2
74 میں سے 38 ______

3
65 میں سے 46 ______

4
91 میں سے 39 ______

5
37 کو 73 میں سے ______

6
56 کو 83 میں سے ______

7
58 کو 87 میں سے ______

8
58 کو 95 میں سے ______

9 قرآن کریم میں کُل 30 پارے ہیں۔ میں نے 15 پارے پڑھ لیے ہیں۔ کتنے پارے پڑھنا باقی ہیں ؟ ☐

10 نسیمہ کی عُمر 8 سال ہے اور اس کی امّی کی عُمر 34 سال ہے۔ بتائیں نسیمہ کی عُمر اس کی امّی کی عُمر سے کتنی کم ہے ؟ ☐

باب 5

ضرب

مثال 1 :

لڑکوں کے کتنے جوڑے ؟ (1)

ایک جوڑے میں کتنے لڑکے ؟ (2)



ایک بار 2 برابر ہے 2 کے

یا $2 = 2 \times 1$

2×1 کو ایک ضرب دو پڑھتے ہیں۔

مثال 2 :

2×3 کو تین ضرب دو پڑھتے ہیں۔

لڑکیوں کے کتنے جوڑے ؟ (3)

ہر جوڑے میں کتنی لڑکیاں ؟ (2)

کُل کِتنی لڑکیاں ؟








$2 + 2 + 2 = 6$


یا 3 بار 2 برابر ہے 6 کے

یا $3 \times 2 = 6$









مثال 3 : لٹوؤں کے کتنے جوڑے ؟ (4)

ہر جوڑے میں کتنے لٹّو ؟ (2)

کل کتنے لٹّو ؟

2 + 2 + 2 + 2 = 8


یا 4 بار 2 برابر ہے 8 کے

یا 4 × 2 = 8

2 × 4 کو چار ضرب دو پڑھتے ہیں۔

مثال 4 :

تصویر میں سائیکلوں کی تعداد = 5



ہر سائیکل میں پہیّوں کی تعداد = 2

پانچ سائیکلوں میں پہیّوں کی کل تعداد


2 + 2 + 2 + 2 + 2 = 10

یا 5 بار 2 برابر ہے 10 کے

یعنی 5 × 2 = 10

2 × 5 کو پانچ ضرب دو پڑھتے ہیں۔

نوٹ برائے اساتذہ : مثالوں میں دیے گئے سوالات اساتذہ بچّوں سے پوچھیں گے اور ان جوابات کی روشنی میں تصوّر کو آگے بڑھائیں گے۔



مثال 5 :

تصویر میں کتنے ہاتھ ؟ **2**

ہر ہاتھ میں کتنی اُنگلیاں ؟ **5**

دو ہاتھوں میں کُل کتنی انگلیاں ؟ $5 + 5 = 10$

$5 + 5$ کو دو بار پانچ یا 5×2 لکھ سکتے ہیں۔

5×2 کو دو ضرب پانچ پڑھتے ہیں۔

مثال 6 :

پھولوں کی کتنی قطاریں ؟ **4**

ہر قطار میں کتنے پھول ؟ **5**

چاروں قطاروں میں کُل کتنے پھول ؟

$5 + 5 + 5 + 5 = 20$

یا 4 بار 5 برابر ہے 20 کے


یا $4 \times 5 = 20$

اُوپر کی مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ

> بار بار جمع کرنے کا مختصر عمل ضرب کہلاتا ہے۔
> اور ضرب کی علامت ' $\times$ ' ہے۔

مشق 24






خالی خانے پُر کیجیے۔


1 درختوں کی کتنی قطاریں ؟

ہر قطار میں کتنے درخت ؟

کُل کتنے درخت ؟

$3 \times 2 = \square$





2 سیبوں کی کتنی قطاریں ؟

ہر قطار میں کتنے سیب ؟

کُل کتنے سیب ؟

$4 \times 5 = \square$

3 $2 + 2 = 2 \times \square = \square$

4 $2 + 2 + 2 = \square \times 2 = \square$

5 $3 + 3 = 2 \times 3 = \square$

6 $3 + 3 + 3 + 3 + 3 = \square \times 3 = \square$

7 4 + 4 + 4 + 4 + 4 = □ × □ = □

8 4 × 5 = 5 + 5 + □ + □ = □

9 6 + 6 = □ × □ = □

10 2 × 6 = □ + □ = □

11 5 + 5 + 5 = □ × □ = □

12 5 + 5 + 5 + 5 = □ × □ = □

13 5 + 5 + 5 + 5 + 5 = □ × □ = □

14 10 + 10 + 10 = □ × □ = □

15 10 = 1 × □ = □

16 4 × 10 = □ + □ + □ + □

17 3 × 8 = □ + □ + □ = □

18 5 × 7 = □ + □ + □ + □ + □ = □

19 9 × 2 = □ + □ + □ + □ + □

□ + □ + □ + □ = □

20 6 × 5 = □ + □ + □ + □

+ □ + □ = □

ضرب کے پہاڑے

دو کا پہاڑا

2×1=2	1×2=2	1 بار 2 = 2
2×2=4	2×2=4	2 بار 2 = 4
2×3=6	3×2=6	3 بار 2 = 6
2×4=8	4×2=8	4 بار 2 = 8
2×5=10	5×2=10	5 بار 2 = 10
2×6=12	6×2=12	6 بار 2 = 12
2×7=14	7×2=14	7 بار 2 = 14
2×8=16	8×2=16	8 بار 2 = 16
2×9=18	9×2=18	9 بار 2 = 18
2×10=20	10×2=20	10 بار 2 = 20

دس کا پہاڑا

10 × 1 = 10	1 × 10 = 10	1 بار 10 = 10
10 × 2 = 20	2 × 10 = 20	2 بار 10 = 20
10 × 3 = 30	3 × 10 = 30	3 بار 10 = 30
10 × 4 = 40	4 × 10 = 40	4 بار 10 = 40
10 × 5 = 50	5 × 10 = 50	5 بار 10 = 50
10 × 6 = 60	6 × 10 = 60	6 بار 10 = 60
10 × 7 = 70	7 × 10 = 70	7 بار 10 = 70
10 × 8 = 80	8 × 10 = 80	8 بار 10 = 80
10 × 9 = 90	9 × 10 = 90	9 بار 10 = 90
10 × 10 = 100	10 × 10 = 100	10 بار 10 = 100

پانچ کا پہاڑا


5 × 1 = 5	1 × 5 = 5	1 بار 5 = 5
5 × 2 = 10	2 × 5 = 10	2 بار 5 = 10
5 × 3 = 15	3 × 5 = 15	3 بار 5 = 15
5 × 4 = 20	4 × 5 = 20	4 بار 5 = 20
5 × 5 = 25	5 × 5 = 25	5 بار 5 = 25
5 × 6 = 30	6 × 5 = 30	6 بار 5 = 30
5 × 7 = 35	7 × 5 = 35	7 بار 5 = 35
5 × 8 = 40	8 × 5 = 40	8 بار 5 = 40
5 × 9 = 45	9 × 5 = 45	9 بار 5 = 45
5 × 10 = 50	10 × 5 = 50	10 بار 5 = 50


مشق 25


1 – خالی خانے پُر کیجیے۔

3 × 2 = ☐	9 × 2 = ☐
6 × 2 = ☐	8 × 2 = ☐
7 × 2 = ☐	5 × 2 = ☐
4 × 5 = ☐	7 × 5 = ☐
3 × 5 = ☐	4 × 5 = ☐
9 × 5 = ☐	5 × 5 = ☐
3 × 10 = ☐	7 × 10 = ☐
5 × 10 = ☐	3 × 10 = ☐
4 × 10 = ☐	9 × 10 = ☐

2 – نیچے کی اشکال میں پہاڑوں کی مدد سے خالی خانے پُر کیجیے۔








3 ایک لڑکے کے کتنے ہاتھ ؟

4 لڑکوں کے کتنے ہاتھ ؟

8 لڑکوں کے کتنے ہاتھ ؟



4 دو دو روپے والے 7 قلم

کتنے کے آئیں گے ؟



5 ایک ہاتھ کی کتنی انگلیاں ؟

دو ہاتھوں کی کتنی انگلیاں ؟

چار ہاتھوں کی کتنی انگلیاں ؟

6 دس پیسے والے 8 سکّوں میں کتنے پیسے ؟


6 سکّوں میں کتنے پیسے ؟


7 1 سینکڑے میں 10 دہائیاں ہوتی ہیں، 8 سینکڑوں میں کتنی دہائیاں ؟

7 سینکڑوں میں کتنی دہائیاں؟ 9 سینکڑوں میں کتنی دہائیاں ؟


باب 6


تقسیم





مثال ۱ : فرض کریں کہ ہمارے پاس 6 گیندیں ہیں جو تین بچوں کو برابر برابر دینا ہیں۔





پہلے ہم ہر بچے کو ایک ایک گیند دے دیتے ہیں۔ اس طرح 3 گیندیں بچتی ہیں۔ پھر ہم ان 3 گیندوں میں سے ایک ایک گیند ہر بچے کو دے دیتے ہیں۔ اس طرح ہمارے پاس کوئی گیند باقی نہیں بچی اور ہر بچے کے پاس "دو گیندیں" ہو جاتی ہیں۔

$$\begin{array}{r} 6 \\ -3 \\ \hline 3 \\ -3 \\ \hline 0 \end{array}$$

ہم دیکھتے ہیں کہ 6 گیندوں میں سے 3، 3 کر کے گیندیں لیں تو ایسا دو بار کیا جا سکتا ہے یعنی 6 میں سے 3 کو دو بار تفریق کیا جا سکتا ہے۔ اسی بات کو


$6 \div 3 = 2$ لکھتے ہیں۔

$6 \div 3$ کو "چھے تقسیم تین" پڑھتے ہیں۔

تقسیم کی علامت '$\div$' ہے۔

مثال 2 : اگر 20 پنسلوں کے 5 پیکیٹ اِس طرح بنائے جائیں کہ تمام پیکٹوں میں برابر برابر پنسلیں ہوں تو ہر پیکٹ میں کِتنی پنسلیں ہوں گی ؟

حل



20
− 5
15
− 5
10
− 5
5
− 5
0

کُل کتنی پنسلیں ؟ **20**

کتنے پیکیٹ بنانا ہیں ؟ **5**

20 میں سے **5** کو **4** بار تفریق کیا جا سکتا ہے

اس لیے $20 \div 5 = 4$

پس ایک پیکٹ میں پنسلیں **4**

$20 \div 5$ کو بیس تقسیم پانچ پڑھتے ہیں۔





مثال 3 : اگر **12** ٹافیاں **4** بچّوں میں برابر برابر تقسیم کرنا ہوں تو ہر بچّے کو کِتنی ٹافیاں ملیں گی؟


حل

کُل ٹافیاں ؟ **12**

کُل بچّے ؟ **4**

12 میں سے **4** کو **3** بار تفریق کیا جا سکتا ہے۔


اس لیے $12 \div 4 = 3$ اور پڑھتے ہیں : '12 تقسیم 4 برابر ہے 3 کے۔'



ان مثالوں پر غور کرنے سے پتا چلتا ہے کہ

کسی عدد کو کسی دوسرے عدد میں سے بار بار تفریق کرنے کا مختصر عمل تقسیم کہلاتا ہے اور تقسیم کی علامت ÷ ہے۔

مثال 4 : 15 موتی 5 بچیوں میں برابر برابر تقسیم کریں۔



کُل کتنے موتی ؟ 15

کتنی بچیاں ؟ 5

ہر بچی کو کتنے موتی ملے؟ 3

$$15 \div 5 = 3$$

3 بار 5 = 15 یا $3 \times 5 = 15$

چنانچہ 5 ÷ 15 سے مُراد ایسا عدد ہے کہ جسے 5 سے ضرب دی جائے تو 15 حاصل ہو

گویا **تقسیم ضرب کا اُلٹا عمل ہے**

مثال 5 : 10 ÷ 40 کو حل کیجیے۔

حل

$40 \div 10 = 4$

کیونکہ

$4 \times 10 = 40$

مثال 5 سے معلوم ہُوا کہ 10 ÷ 40 معلوم کرنے کے لیے ہم 10 کا پہاڑا پڑھیں گے حتیٰ کہ ہم عدد 40 تک پہنچ جائیں۔

اسی طرح $30 \div 5$ معلوم کرنے کے لیے ہم 5 کا پہاڑا پڑھتے ہیں۔

چونکہ	$30 = 5 \times 6$
پس	$6 = 5 \div 30$

مثال 6: $16 \div 2$ کو حل کیجیے۔

حل: 2 کا پہاڑا پڑھنے سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ

	$16 = 2 \times 8$
پس	$8 = 2 \div 16$

مشق 26

ا: خالی خانے پُر کیجیے۔

(1)

6
−2
4
−2
2
−2
0

کس عدد میں سے تفریق کیا؟ 6

کس عدد کو تفریق کیا؟ 2

کتنی بار تفریق کیا؟ ☐

اس بات کو لکھنے کا مختصر طریقہ کیا ہے؟

$6 \div \square = 3$

(2)

20
− 4
16
− 4
12
− 4
8
− 4
4
− 4
0


کس عدد میں سے تفریق کیا؟ ☐


کس عدد کو تفریق کیا؟ ☐

کتنی بار تفریق کیا؟ ☐

اِس بات کو لکھنے کا مختصر طریقہ کیا ہے؟


$20 \div 4 = \square$





2 10 کتابوں کو 5 بچّوں میں برابر برابر بانٹیں تو ہر بچّے کو کتنی کتابیں ملیں گی ؟

$10 \div 5 =$ ☐





3 50 پیسہ کے ایک سکّے کے بدلے 5 پیسہ والے کتنے سکّے ملیں گے ؟

$50 \div 5 =$ ☐













4 12 دواتیں کچھ بچّوں میں تقسیم کی گئی ہیں۔ اگر ہر بچّے کو دو دواتیں ملیں تو بتایے کتنے بچّے ہیں ؟

$12 \div 2 =$ ☐

مشق 27

خالی خانے پُر کیجیے۔

1	$10 \div 2 =$ ☐	4	$20 \div 2 =$ ☐
2	$15 \div 5 =$ ☐	5	$30 \div 5 =$ ☐
3	$12 \div 2 =$ ☐	6	$40 \div 10 =$ ☐

7	$8 \times 5 =$ ☐	$40 \div 8 =$ ☐	$40 \div 5 =$ ☐
8	$10 \times 2 =$ ☐	$20 \div 10 =$ ☐	$20 \div 2 =$ ☐
9	$6 \times 5 =$ ☐	$30 \div 6 =$ ☐	$30 \div 5 =$ ☐
10	$10 \times 6 =$ ☐	$60 \div 10 =$ ☐	$60 \div 6 =$ ☐
11	$5 \times 9 =$ ☐	$45 \div 5 =$ ☐	$45 \div 9 =$ ☐
12	$5 \times 10 =$ ☐	$50 \div 10 =$ ☐	$50 \div 5 =$ ☐

خالی خانے اس طرح پُر کیجیے کہ سب سے نچلے خانے کا عدد اس سے اُوپر والے دونوں خانوں کے اعداد کا حاصل ضرب ہو۔

2		2		3		3	2	2	4	9	9	10	10
5	5		3	10	10	5			5				
10	5	4	6		80		20	18		90	45	40	20

مشق 28

-1 14 بچے ہیں۔ انہوں نے کھیلنے کے لیے دو دو کے جوڑے بنائے۔ بتائیں کتنے جوڑے بنے؟

-2 10 غبارے 2 بچوں نے برابر برابر بانٹ لیے۔ ہر بچے کو کتنے غبارے ملے ؟

-3 اگر ہمارے پاس 20 بٹن ہوں اور 5 قمیصیں ہوں تو ہر قمیص پر کتنے بٹن لگیں گے ؟

-4 40 لڈو 10 بچوں میں برابر برابر تقسیم کیے گئے۔ ہر بچے کو کتنے لڈو ملے ؟

-5 اگر 10 گیندیں 10 بچوں میں برابر برابر تقسیم کریں تو ہر بچے کو کتنی گیندیں ملیں گی ؟

-6 25 موتی 5 لڑکیوں میں برابر برابر تقسیم کیے گئے۔ ہر لڑکی کو کتنے موتی ملے ؟


-7 8 کیاریوں میں کل 80 پودے لگے ہوئے ہیں۔ ہر کیاری میں پودوں کی تعداد برابر ہے۔ بتائیں ہر کیاری میں کتنے پودے ہیں؟

-8 40 کھلاڑیوں کی 5 ٹیمیں اس طرح بنائی گئیں کہ ہر ٹیم میں برابر کھلاڑی تھے۔ کھلاڑیوں کی تعداد بتائیں ؟

-9 اگر ایک قطار میں 10 بچے ہوں تو 80 بچے کتنی قطاروں میں کھڑے کیے جاسکتے ہیں؟


-10 35 پنسلوں کی کل قیمت 105 روپے ہے۔ ایک پنسل کی قیمت بتائیں ؟

باب 7   -1 تین چوتھائی ۔ ایک تہائی ۔ دو تہائی کا تصور




آپ جانتے ہیں کہ اگر کسی چیز کے دو برابر حصے کیے جائیں تو ہر حصے کو **آدھا** کہتے ہیں اور کسی چیز کے چار برابر حصے کیے جائیں تو ہر حصہ اس کا **ایک چوتھائی** کہلاتا ہے۔


نیچے شکلیں دیکھیں اور غور کر کے بتائیں۔




تین چوتھائی




تین چوتھائی



تین چوتھائی


ہر شکل کے کتنے برابر حصے کیے گئے ہیں ؟ 


کتنے حصے **سبز** ہیں ؟ 

ہر شکل کے **4** برابر حصوں میں تین حصے سبز ہیں۔ سبز حصے مل کر کل شکل کا تین چوتھائی کہلاتے ہیں۔

> **نوٹ:** اساتذہ کرام مقرون اشیاء کی مدد سے تین چوتھائی، ایک تہائی اور دو تہائی کے تصور دیں۔

شکلیں دیکھ کر بتائیں۔


ایک تہائی


ایک تہائی



ایک تہائی


ہر شکل کے کتنے برابر حصے کیے گئے ہیں ؟ 


کتنے حصے **سبز** ہیں ؟ 

ہر شکل کے **3** حصوں میں سے ایک حصہ سبز ہے۔ یہ **سبز** حصہ کل شکل کا **ایک تہائی** کہلاتا ہے۔

غور کریں اور بتائیں۔


دو تہائی


دو تہائی


دو تہائی





ہر شکل کے کتنے برابر حصے کیے گئے ہیں ؟ 

کتنے حصے سبز ہیں ؟ 



ہر شکل کے **3** حصوں میں سے دو حصے **سبز** ہیں۔ **سبز** حصے کل شکل کا **دو تہائی** کہلاتے ہیں۔

مشق 29



1- ہر شکل کے ایک چوتھائی میں سرخ رنگ بھریں۔



2- ہر شکل کے تین چوتھائی کو سایہ دار بنائیں۔













3- ہر شکل کے ایک تہائی میں سبز رنگ بھریں۔

4- ہر شکل کے دو تہائی کو سایہ دار بنائیں۔





5 - گلابی حصہ پوری شکل کا کون سا حصہ (ایک آدھا، ایک چوتھائی، تین چوتھائی، ایک تہائی، دو تہائی وغیرہ) ہے؟ جواب خالی خانے میں لکھیں۔















2- ایک جیسی اشیا کو پہچاننا

نیچے دی ہوئی ایک جیسی اشیا کو ایک ہی رنگ سے ظاہر کیا گیا ہے۔ ان کے نام بتائیں۔




نیچے دی ہوئی ایک جیسی اشیا کو ایک ہی رنگ سے ظاہر کیا گیا ہے۔ ان کے نام بتائیں۔




مشق 30


1- ایک جیسی اشیا میں ایک ہی رنگ بھریں۔




2- ایک جیسے جانوروں کو لکیروں سے ملائیں۔




3- ایک جیسی اشکال میں ایک ہی رنگ بھریں۔




4- مندرکہ ذیل ایک جیسی اشیا کو لکیروں سے ملائیں۔



5- ذیل میں دی گئی ایک جیسی تصاویر کو لکیروں سے ملائیں۔











3 - بند اور کھُلی شکلیں


بند شکل



بند شکل



بند شکل



بند شکل


کھُلی شکل



بند شکل



بند شکل


کھُلی شکل


بند شکل


کھُلی شکل



کھُلی شکل


کھُلی شکل


نوٹ: شکل کے کسی ایک نقطہ سے پنسل کی نوک کو پھیرنا شروع کریں اور پنسل اٹھائے بغیر واپس اسی نقطہ پر پہنچ جائیں تو شکل بند شکل کہلائے گی ورنہ کھُلی شکل کہلائے گی۔

مشق 31

1- نیچے دی گئی شکلوں میں سے کُھلی شکلوں پر X کا نشان لگائیں۔




2- بند شکلوں پر ✓ کا نشان لگائیں۔




4- اشکال

چند شکلوں کے نام:




مشق 32


1 - نیچے دی ہوئی شکلوں کے نام بتائیں۔




2 - اشکال کے اندر رنگ بھریں۔ (استاد اندرونہ اور بیرونہ کا تصور بھی دیں)



3 چوکھٹے میں دی گئی شکل کے اندر سرخ اور باہر سبز رنگ بھریں۔



4 دائرے میں دی ہوئی شکل کے اندر پیلا اور باہر سرخ رنگ بھریں۔




مکعب

چائے کا ڈبہ مکعب شکل کا ہوتا ہے۔



مکعب نما

کتاب مکعب نما شکل کی ہوتی ہے۔







پنسل جو ابھی تراشی نہ گئی ہو اس کی شکل سلنڈر کی طرح ہوتی ہے۔


مشق 33


1 - مکعب جیسی شکل پر 'م'، مکعب نما جیسی شکل پر 'م ن' اور سلنڈر جیسی شکل پر 'س' لکھیں۔


ماچس


ٹشو پیپر کا ڈبہ



گھی کا ڈبہ


دوات کا ڈبہ


ڈبہ


گنا


ڈرم


ڈسٹر


چاک کا ڈبہ

2 - اپنے ارد گرد کی چیزوں میں سے ایسی چیزوں کے نام بتائیں جو مکعب، مکعب نما یا سلنڈر جیسی شکل والی ہوں۔

باب
8

پاکستانی نوٹ

سیدھا رُخ | اُلٹا رُخ



















4- اشکال

چند شکلوں کے نام:




مشق 32


1 - نیچے دی ہوئی شکلوں کے نام بتائیں۔




2 - اشکال کے اندر رنگ بھریں۔(استاد اندرونہ اور بیرونہ کا تصور بھی دیں)



3 چوکھٹے میں دی گئی شکل کے اندر سرخ اور باہر سبز رنگ بھریں۔




4 دائرے میں دی ہوئی شکل کے اندر پیلا اور باہر سرخ رنگ بھریں۔




مکعب

چائے کا ڈبہ مکعب شکل کا ہوتا ہے۔



مکعب نما

کتاب مکعب نما شکل کی ہوتی ہے۔






پنسل جو ابھی تراشی نہ گئی ہو اس کی شکل سلنڈر کی طرح ہوتی ہے۔

سیدھا رُخ اُلٹا رُخ

















مشق 34

کتنے نوٹ ملیں گے؟

1 5 روپیہ کے نوٹ کے بدلے، 1 روپیہ والے نوٹ

2 10 روپیہ کے نوٹ کے بدلے، 5 روپیہ والے نوٹ

3 10 روپیہ کے نوٹ کے بدلے، 1 روپیہ والے نوٹ

4 50 روپیہ کے نوٹ کے بدلے، 10 روپیہ والے نوٹ

5 50 روپیہ کے نوٹ کے بدلے، 5 روپیہ والے نوٹ

6 50 روپیہ کے نوٹ کے بدلے، 1 روپیہ والے نوٹ

7 100 روپیہ کے نوٹ کے بدلے، 50 روپیہ والے نوٹ

8 100 روپیہ کے نوٹ کے بدلے، 10 روپیہ والے نوٹ


9 100 روپیہ کے نوٹ کے بدلے، 1 روپیہ والے نوٹ

10 500 روپیہ کے نوٹ کے بدلے، 100 روپیہ والے نوٹ

500 روپیہ کے نوٹ کے بدلے، 50 روپیہ والے نوٹ

12 1000 روپیہ کے نوٹ کے بدلے، 500 روپیہ والے نوٹ

13 1000 روپیہ کے نوٹ کے بدلے، 100 روپیہ والے نوٹ



پاکستانی کرنسی کا اِستعمال

مثال 1: انور نے 475 روپے میں ایک چارپائی اور 360 روپے میں بچّوں کا ایک سائیکل خریدا۔ بتائیں اُس نے کتنے روپے خرچ کیے۔

حل:

چارپائی کی قیمت = 475 روپے

سائیکل کی قیمت = 360 روپے

انور نے جتنی رقم خرچ کی =

$$\begin{array}{r} 475 \\ +360 \\ \hline 835 \end{array}$$

انور نے 835 روپے خرچ کیے۔

مثال 2: اسلم نے 315 روپے کی کُرسی، 200 روپے کا سٹول اور 425 روپے کا ایک میز خریدا۔ بتائیں اسلم نے کُل کتنے روپے خرچ کیے۔

حل:

کرسی کی قیمت = 315 روپے

سٹول کی قیمت = 200 روپے

میز کی قیمت = 425 روپے

کل خرچ

$$\begin{array}{r} 315 \\ 200 \\ +425 \\ \hline 940 \end{array}$$

اسلم نے کُل 940 روپے خرچ کیے۔

مثال 3 : نوید کے پاس **990** روپے تھے۔ اس نے **435** روپے خرچ کر ڈالے۔ بتائیں اس کے پاس کتنی رقم باقی بچی۔

حل : نوید کے پاس کل رقم = **990** روپے

جتنے خرچ کیے = **435** روپے

990	
− 435	
555	باقی رقم

نوید کے پاس باقی **555** روپے بچے۔

مثال 4 : قدیر کے پاس **875** روپے تھے۔ وہ **485** روپے میں کھانے پینے کی چیزیں گھر لائے۔ بتائیں اس کے پاس کتنی رقم باقی بچی۔

حل : قدیر کے پاس جتنی رقم تھی = **875** روپے

کھانے پینے کی چیزوں پر خرچ کیے = **485** روپے

875	
−485	
390	باقی رقم

قدیر کے پاس باقی **390** روپے بچے۔

مشق 35

1 اکرم نے 220 روپے کا سٹول ، 325 روپے کی کرسی اور 410 روپے کا میز خریدا۔ بتائیں اس نے کُل کتنی رقم خرچ کی۔

2 حمید نے 405 روپے کی چارپائی اور 525 روپے کے کپڑے خریدے۔ بتائیں اُس نے کُل کتنی رقم خرچ کی۔

3 عادل نے 625 روپے میں کھانے پینے کی چیزیں خریدیں اور 139 روپے بجلی کا بل دیا۔ بتائیں اُس نے کیا خرچ کیا۔

4 ایک شخص نے 310 روپے کا چارا ، 218 روپے کی گندم اور 300 روپے کے چاول خریدے۔ اس نے کُل کتنا خرچ کیا

5 باغ کے ایک مالک نے 400 روپے کے مالٹے ، 325 روپے کے کینو اور 275 روپے کے امرود بیچے۔ بتائیں اس نے کُل کتنے روپوں کے پھل بیچے۔

6 ایک شخص کے پاس 995 روپے تھے۔ اس میں سے اُس نے 689 روپے اُدھار چکانے کے لیے دکاندار کو دے دیے۔ بتائیں اس کے پاس کیا بچا۔

7 امجد کے پاس 705 روپے تھے۔ اس نے 670 روپے خرچ کر ڈالے۔ بتائیں اُس کے پاس کیا بچا۔


8 سعید کو 890 روپے کی ضرورت تھی 675 روپے اس کے بھائی نے دے دیے بتائیں اسے اور کتنے روپے چاہییں۔

9 میرے پاس 300 روپے تھے۔ میں نے 175 روپے بجلی کا بل ادا کیا۔ بتائیں

میرے پاس کیا بچا۔

10 ایک مزدُور نے مہینے میں **900** روپے کمائے اور **790** روپے خرچ کر ڈالے اُس نے کتنے روپے کی بچت کی ؟

ماپ تول



1 لمبائی کو ماپنے کے لیے بنیادی اکائی میٹر ہے۔ جب ہم بازار سے کپڑا خریدتے ہیں تو دکان دار میٹر سے ماپ کر دیتا ہے۔



2 چیزوں کا وزن معلوم کرنے کے لیے بنیادی اکائی کلوگرام ہے۔

جب ہم بازار سے چینی ، چاول ، گندم ، آٹا وغیرہ خرید کر لاتے ہیں تو دکان دار کلوگرام میں تول کر دیتا ہے۔




3 دُودھ ، پٹرول ، تیل ماپنے کے لیے بنیادی اِکائی لیٹر ہے۔

باب 9


گھڑی سے وقت معلُوم کرنا

۱- پُورے گھنٹوں تک وقت معلُوم کرنا

مثال ۱: سامنے گھڑی کی تصویر ہے۔




عدد ۱ سے شرُوع کر کے گِنتی کیجیے۔
ہم دیکھتے ہیں کہ گھڑی کے ڈائل پر '۱'
سے 12 تک اعداد لکھے ہیں۔ ہر عدد
کے اُوپر ایک بڑا نِشان ہے۔
گھڑی کی دو سُوئیاں ہیں۔ ایک بڑی ہے اور دُوسری چھوٹی۔




چھوٹی سُوئی کِس عدد پر ہے؟ 4 پر
بڑی سُوئی کِس عدد پر ہے؟ 12 پر
گھڑی پر چار (4) بجے ہیں۔

مثال 2: سامنے گھڑی کی تصویر دیکھیں۔



چھوٹی سُوئی کِس عدد پر ہے؟ 5 پر
بڑی سُوئی کِس عدد پر ہے؟ 12 پر
گھڑی پر پانچ (5) بجے ہیں۔
ایک گھنٹا وقت گزر گیا ہے۔



مثال 3 : گھڑی کی اس تصویر میں


بڑی سُوئی کس عدد پر ہے ؟ **12** پر

چھوٹی سُوئی کس عدد پر ہے ؟ **6** پر

ایک گھنٹا وقت اور گُزر گیا ہے۔ اب گھڑی پر چھے بجے ہیں۔

بچّو ! ہم نے تینوں مرتبہ بڑی سُوئی کو عدد **12** پر ہی دیکھا ہے ، لیکن چھوٹی سُوئی پہلے عدد **4** پر تھی۔ پھر **5** پر پہنچ گئی اور آخر میں **6** پر ہے۔ یاد رہے کہ ایک گھنٹے میں چھوٹی سُوئی ایک عدد سے اگلے عدد تک جاتی ہے اور بڑی سُوئی ایک پُورا چکّر کاٹ جاتی ہے۔ اگر بڑی سُوئی **12** کے سامنے ہو تو چھوٹی سُوئی جس عدد پر ہو گی اُتنے ہی بجے ہوں گے۔ مثلاً اگر چھوٹی سُوئی **10** کے سامنے ہو اور بڑی سُوئی **12** کے سامنے تو اس وقت **10** بجے ہوں گے۔

2۔ آدھے گھنٹے تک وقت معلُوم کرنا




سامنے گھڑی کی تصویر دیکھیں :

بڑی سُوئی کس عدد پر ہے ؟ **12** پر

چھوٹی سُوئی کس عدد پر ہے ؟ **3** پر

گھڑی پر کیا وقت ہے ؟ **3** بجے ہیں۔



اب سامنے گھڑی کی تصویر میں

بڑی سُوئی کس عدد پر ہے ؟ **6** پر


بڑی سُوئی ٹھیک **3** بجے کس عدد پر تھی ؟ **12** پر

چھوٹی سُوئی کِس عدد سے آگے ہے ؟ 3 سے

چھوٹی سُوئی کِس عدد سے پیچھے ہے ؟ 4 سے

یہ کون کون سے عددوں کے درمیان ہے ؟ 3 اور 4 کے ۔

3 بجے کے بعد بڑی سُوئی نے آدھا چکّر کاٹ لیا۔ اِس لیے 3 بجے کے بعد آدھا گھنٹا اور گُزر گیا۔ ہم کہتے ہیں کہ ساڑھے تین بجے ہیں۔



اسی طرح ہم دیکھتے ہیں کہ سامنے گھڑی کی تصویر میں چھوٹی سُوئی 10 اور 11 کے درمیان ہے اور بڑی سُوئی 6 پر ہے۔ پس ساڑھے دس بجے ہیں۔


مثال ۱: سامنے کی تصویر میں بڑی سُوئی کِس عدد پر ہے؟ 6 پر

چھوٹی سُوئی کہاں ہے 1 اور 2 کے درمیان ۔

گھڑی پر کیا وقت ہے ؟ ڈیڑھ بجا ہے۔

اسی طرح اگر چھوٹی سُوئی 2 اور 3 کے درمیان ہو اور بڑی سوئی 6 پر ہو، اس وقت اڑھائی بجے ہوں گے۔

3 - گھنٹے کی چوتھائی تک وقت معلوم کرنا




: اب سامنے گھڑی کی تصویر دیکھیں ۔

بڑی سُوئی کِس عدد پر ہے ؟ 3 پر

بڑی سُوئی دو بجے کِس عدد پر تھی ؟ 12 پر

دو بجے کے بعد بڑی سُوئی نے پُورے چکّر کا ایک چوتھائی

حصّہ طے کیا۔ دو بجے کے بعد ایک چوتھائی گھنٹا گزر گیا۔



چھوٹی سوئی کس عدد سے آگے ہے ؟ 2 سے

چھوٹی سوئی کس عدد سے پیچھے ہے ؟ 3 سے

گھڑی پر سوا دو بجے ہیں۔

مثال 2 : سامنے گھڑی کی تصویر میں

چھوٹی سوئی کن عددوں کے درمیان ہے ؟ 1 اور 2 کے۔

بڑی سوئی کس عدد پر ہے ؟ 3 پر


گھڑی پر کیا وقت ہے ؟ سوا ایک بجا ہے۔

سوا ایک نہیں ، سوا بجا ہے۔

مثال 3 : گھڑی کی تصویر میں بڑی سوئی کس عدد پر ہے ؟ 9 پر

چھوٹی سوئی کون کون سے عددوں کے درمیان ہے ؟

1 اور 2 کے درمیان۔




بڑی سوئی نے ایک بجے کے بعد پورے چکّر کا تین چوتھائی حصّہ طے کیا ہے۔ اِس طرح تین چوتھائی گھنٹا گزر گیا۔ اگر بڑی سوئی ایک چوتھائی چکّر اور پورا طے کرے تو پورے دو بج جائیں گے۔









یعنی 2 بجنے میں ایک چوتھائی گھنٹا باقی ہے۔ اِس لیے وقت پونے دو بجے ہیں۔ اِسی طرح اگر چھوٹی سوئی 5 اور 6 کے درمیان ہو اور بڑی سوئی 9 کے سامنے ہو تو گھڑی میں پونے چھے بجے ہوں گے۔

مشق 36


1- نیچے تصاویر دیکھ کر بتایئے کہ گھڑیاں کیا وقت دکھا رہی ہیں ؟


















2- نیچے گھڑیوں کی تصویروں میں سوئیوں کی شکلیں بنا کر دیا ہوا وقت ظاہر کیجیے۔


سات بجے


سوا آٹھ بجے



پونے تین بجے


پونے نو بجے

باب 10

اِسلامی مہینے - عیسوی مہینے

اِسلامی مہینے :



چاند زمین کے گرد چکر لگاتا ہے۔ جتنے وقت میں چاند ایک چکر پُورا کرتا ہے اُسے **قمری مہینا** کہتے ہیں۔ (قمر کے معنی ہیں 'چاند')۔ قمری مہینا کبھی 29 دِن کا ہوتا ہے اور کبھی 30 دِن کا۔ 12 قمری مہینوں کا ایک قمری سال ہوتا ہے۔ سالِ کو 'سَن' بھی کہتے ہیں۔ مسلمان اپنے تہوار قمری مہینوں کے مطابق مناتے ہیں۔ اِس لیے قمری مہینوں کو اسلامی مہینے بھی کہتے ہیں۔ اِسلامی مہینوں کے نام ترتیب وار یُوں ہیں۔

شمار مہینا	پہلا	دُوسرا	تیسرا	چوتھا	پانچواں	چھٹا
نام مہینا	محرّم	صفر	ربیع الاوّل	ربیع الثانی	جمادی الاوّل	جمادی الثانی
شمار مہینا	ساتواں	آٹھواں	نواں	دسواں	گیارھواں	بارھواں
نام مہینا	رجب	شعبان	رمضان	شوال	ذیقعدہ	ذی الحجہ

عاشورہ محرّم میں ہوتا ہے۔


عید میلادالنبیؐ ربیع الاوّل میں منائی جاتی ہے۔

روزے رمضان میں رکھے جاتے ہیں۔

روزوں کے بعد عیدُالفطر شوال کی پہلی تاریخ کو ہوتی ہے۔

عیدُالاضحیٰ آخری مہینے ذی الحجہ میں ہوتی ہے۔

عیسوی مہینے :




زمین سُورج کے گرد لگاتار چکر لگاتی رہتی ہے جتنے عرصے میں اُس کا ایک چکر پُورا ہوتا ہے اُسے شمسی سال (شمس کے معنی ہیں 'سُورج') کہتے ہیں۔ شمسی سال میں بھی بارہ مہینے ہوتے ہیں جن کی گنتی حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی پیدائش سے کی جاتی ہے۔ اِس سَن کو عیسوی سَن کہتے ہیں۔

عیسوی مہینے ترتیب وار یُوں ہیں۔

شمار مہینا	پہلا	دُوسرا	تیسرا	چوتھا	پانچواں	چھٹا
نام مہینا	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون
شمار مہینا	ساتواں	آٹھواں	نواں	دسواں	گیارھواں	بارھواں
نام مہینا	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر

پاکستان میں دفتری کام کاج ، سکولوں میں پڑھائی ، چُھٹیاں اور امتحان وغیرہ عیسوی مہینوں کے مطابق ہوتے ہیں۔



مشق 37

1- خالی خانے پُر کیجیے۔

نام مہینا	شمار مہینا
رمضان	نواں
ربیع الثانی	
ذی الحجہ	
صفر	
ذیقعد	
ربیع الاوّل	
محرّم	
رجب	
جمادی الاوّل	
شعبان	
جمادی الثانی	
شوال	

نام مہینا	شمار مہینا
جون	چھٹا
فروری	
اپریل	
اگست	
دسمبر	
نومبر	
مارچ	
جنوری	
جولائی	
اکتوبر	
مئی	
ستمبر	

کیلنڈر 1999

جنوری — رمضان/شوال

S	M	T	W	T	F	S
31 (12)					1 (12)	2 (13)
3 (14)	4 (15)	5 (16)	6 (17)	7 (18)	8 (19)	9 (20)
10 (21)	11 (22)	12 (23)	13 (24)	14 (25)	15 (26)	16 (27)
17 (28)	18 (29)	19 (30)	20 (☾)	21 (2)	22 (3)	23 (4)
24 (5)	25 (6)	26 (7)	27 (8)	28 (9)	29 (10)	30 (11)

فروری — شوال/ذیقعد

S	M	T	W	T	F	S
	1 (13)	2 (14)	3 (15)	4 (16)	5 (17)	6 (18)
7 (19)	8 (20)	9 (21)	10 (22)	11 (23)	12 (24)	13 (25)
14 (26)	15 (27)	16 (28)	17 (29)	18 (☾)	19 (2)	20 (3)
21 (4)	22 (5)	23 (6)	24 (7)	25 (8)	26 (9)	27 (10)
28 (11)						

مارچ — ذیقعد/ذی الحجہ

S	M	T	W	T	F	S
	1 (12)	2 (13)	3 (14)	4 (15)	5 (16)	6 (17)
7 (18)	8 (19)	9 (20)	10 (21)	11 (22)	12 (23)	13 (24)
14 (25)	15 (26)	16 (27)	17 (28)	18 (29)	19 (30)	20 (☾)
21 (2)	22 (3)	23 (4)	24 (5)	25 (6)	26 (7)	27 (8)
28 (9)	29 (10)	30 (11)	31 (12)			

اپریل — ذی الحجہ/محرم

S	M	T	W	T	F	S
				1 (13)	2 (14)	3 (15)
4 (16)	5 (17)	6 (18)	7 (19)	8 (20)	9 (21)	10 (22)
11 (23)	12 (24)	13 (25)	14 (26)	15 (27)	16 (28)	17 (29)
18 (☾)	19 (2)	20 (3)	21 (4)	22 (5)	23 (6)	24 (7)
25 (8)	26 (9)	27 (10)	28 (11)	29 (12)	30 (13)	

مئی — محرم/صفر

S	M	T	W	T	F	S
30 (14)	31 (15)					1 (14)
2 (15)	3 (16)	4 (17)	5 (18)	6 (19)	7 (20)	8 (21)
9 (22)	10 (23)	11 (24)	12 (25)	13 (26)	14 (27)	15 (28)
16 (29)	17 (☾)	18 (2)	19 (3)	20 (4)	21 (5)	22 (6)
23 (7)	24 (8)	25 (9)	26 (10)	27 (11)	28 (12)	29 (13)

جون — صفر/ربیع الاوّل

S	M	T	W	T	F	S
		1 (16)	2 (17)	3 (18)	4 (19)	5 (20)
6 (21)	7 (22)	8 (23)	9 (24)	10 (25)	11 (26)	12 (27)
13 (28)	14 (29)	15 (30)	16 (☾)	17 (2)	18 (3)	19 (4)
20 (5)	21 (6)	22 (7)	23 (8)	24 (9)	25 (10)	26 (11)
27 (12)	28 (13)	29 (14)	30 (15)			

جولائی — ربیع الاوّل/ربیع الثانی

S	M	T	W	T	F	S
				1 (16)	2 (17)	3 (18)
4 (19)	5 (20)	6 (21)	7 (22)	8 (23)	9 (24)	10 (25)
11 (26)	12 (27)	13 (28)	14 (29)	15 (☾)	16 (2)	17 (3)
18 (4)	19 (5)	20 (6)	21 (7)	22 (8)	23 (9)	24 (10)
25 (11)	26 (12)	27 (13)	28 (14)	29 (15)	30 (16)	31 (17)

اگست — ربیع الثانی/جمادی الاوّل

S	M	T	W	T	F	S
1 (18)	2 (19)	3 (20)	4 (21)	5 (22)	6 (23)	7 (24)
8 (25)	9 (26)	10 (27)	11 (28)	12 (29)	13 (☾)	14 (2)
15 (3)	16 (4)	17 (5)	18 (6)	19 (7)	20 (8)	21 (9)
22 (10)	23 (11)	24 (12)	25 (13)	26 (14)	27 (15)	28 (16)
29 (17)	30 (18)	31 (19)				

ستمبر — جمادی الاوّل/جمادی الثانی

S	M	T	W	T	F	S
			1 (20)	2 (21)	3 (22)	4 (23)
5 (24)	6 (25)	7 (26)	8 (27)	9 (28)	10 (29)	11 (30)
12 (☾)	13 (2)	14 (3)	15 (4)	16 (5)	17 (6)	18 (7)
19 (8)	20 (9)	21 (10)	22 (11)	23 (12)	24 (13)	25 (14)
26 (15)	27 (16)	28 (17)	29 (18)	30 (19)		

اکتوبر — جمادی الثانی/رجب

S	M	T	W	T	F	S
31 (21)					1 (20)	2 (21)
3 (22)	4 (23)	5 (24)	6 (25)	7 (26)	8 (27)	9 (28)
10 (29)	11 (☾)	12 (2)	13 (3)	14 (4)	15 (5)	16 (6)
17 (7)	18 (8)	19 (9)	20 (10)	21 (11)	22 (12)	23 (13)
24 (14)	25 (15)	26 (16)	27 (17)	28 (18)	29 (19)	30 (20)

نومبر — رجب/شعبان

S	M	T	W	T	F	S
	1 (22)	2 (23)	3 (24)	4 (25)	5 (26)	6 (27)
7 (28)	8 (29)	9 (30)	10 (☾)	11 (2)	12 (3)	13 (4)
14 (5)	15 (6)	16 (7)	17 (8)	18 (9)	19 (10)	20 (11)
21 (12)	22 (13)	23 (14)	24 (15)	25 (16)	26 (17)	27 (18)
28 (19)	29 (20)	30 (21)				

دسمبر — شعبان/رمضان

S	M	T	W	T	F	S
			1 (22)	2 (23)	3 (24)	4 (25)
5 (26)	6 (27)	7 (28)	8 (29)	9 (30)	10 (☾)	11 (2)
12 (3)	13 (4)	14 (5)	15 (6)	16 (7)	17 (8)	18 (9)
19 (10)	20 (11)	21 (12)	22 (13)	23 (14)	24 (15)	25 (16)
26 (17)	27 (18)	28 (19)	29 (20)	30 (21)	31 (22)	

مشق 38

1 کیلنڈر دیکھ کر بتائیں کہ کون سا دن تھا یا ہو گا ؟

(ا) 31 جنوری (ب) 23 مارچ (ج) 21 اپریل (د) 3 جُون

(ہ) 14 اگست (و) 11 ستمبر (ز) 25 دسمبر

2 کیلنڈر دیکھ کر بتائیں کہ کون سا دن تھا یا ہو گا ؟

(ا) 10 محرم (ب) 12 ربیع الاوّل (ج) 15 جمادی الاوّل

(د) 15 شعبان (س) 22 جمادی الثانی (ہ) 13 رجب

(و) 27 رمضان (ر) 10 ذوالحجہ (ز) یکم شوال

3 کیلنڈر دیکھ کر بتائیں کہ کون سی تاریخ ہو گی ؟

(ا) قمری مہینے کی (ب) عیسوی مہینے کی

(ا) فروری کے پہلے سوموار کو

(ب) مئی کے دُوسرے اتوار کو

(ج) جولائی کے آخری بُدھ کو

(د) اکتوبر کے تیسرے منگل کو

(ہ) نومبر کے آخری جُمعہ کو

باب 11

تصویری گراف


معلُومات کو تصویروں یا علامتوں کے ذریعے ظاہر کیا جائے تو ایسے طریقے کو تصویری گراف کہتے ہیں۔ معلُومات کو ظاہر کرنے کے لیے کوئی بھی تصویر یا علامت بنائی جا سکتی ہے۔ ایسی صُورت میں ضرُوری نہیں کہ ایک چیز کے لیے ایک تصویر بنائی جائے۔ بلکہ اکثر ایک تصویر خاص تعداد یا مقدار کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ خاص مقدار ان چیزوں کی ہوتی ہے، جن کا شُمار کرنے کے لیے آپس میں مُقابلہ کرنا ہوتا ہے۔ تصویر یا علامت ایسی لی جاتی ہے کہ تصویر یا علامت کا کوئی حصّہ ظاہر کرنے کی ضرُورت ہو تو ایسا آسانی کے ساتھ کیا جا سکے۔

اب آپ کو تصویری گراف پڑھنے اور اس سے ضرُوری نتائج نکالنے کا طریقہ بتایا جاتا ہے۔ تصویری گراف میں تصویریں کبھی اُوپر سے نیچے یا نیچے سے اُوپر اور کبھی دائیں سے بائیں بنائی جاتی ہیں۔

مثال ۱ :

دُوسری جماعت کے بچّوں نے اپنی جماعت کے لیے مانیٹر کا اِنتخاب کرنا ہے۔ سامنے کے گراف کو پڑھیں اور دیے ہُوئے سوالات کے جواب دیں۔

سکول کی دُوسری جماعت کے مانیٹر کے اِنتخاب کا گراف



طالب علم جنھوں نے اِنتخاب میں حصّہ لیا۔

ایک تصویر  دس طالب علموں کو ظاہر کرتی ہے۔

پچھلے صفحے پر دی ہُوئی تصویر کو غور سے دیکھیں اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیں۔

کتنے طالب علموں نے:

1 اکرم کے حق میں ووٹ دیے؟ $4 \times 10 = 40$

2 اسلم کے حق میں ووٹ دیے؟ $3 \times 10 = 30$

3 انور کے حق میں ووٹ دیے؟ $2 \times 10 = 20$

4 سلمان کے حق میں ووٹ دیے؟ $1 \times 10 = 10$

5 سب سے زیادہ ووٹ کس نے حاصل کیے؟ اکرم نے


6 سب سے کم ووٹ کس کو ملے؟ سلمان کو

7 جماعت میں کُل طلبا کی تعداد جنھوں نے ووٹ ڈالے۔ 100

8 جماعت کا مانیٹر کون منتخب ہُوا؟ اکرم

مثال 2: مندرجہ ذیل گراف کو پڑھیں اور سوالات کے جواب دیں۔

پولٹری فارم میں مرغیوں کی تعداد



جب کہ 50 مرغیوں کو ظاہر کرے 25 مرغیوں کو ظاہر کرے۔

1 منیر کے پولٹری فارم میں کتنی مرغیاں ہیں ؟ $50 \times 5 + 25 = 275$

2 سعید کے پولٹری فارم میں کتنی مرغیاں ہیں ؟ $50 \times 2 + 25 = 125$

3 یونس کے پولٹری فارم میں کتنی مرغیاں ہیں ؟ $50 \times 3 + 25 = 175$

4 سب سے زیادہ مرغیاں کس کے پولٹری فارم میں ہیں ؟ نعیم کے

5 سب سے کم مرغیاں کس کے پولٹری فارم میں ہیں ؟ سعید کے

6 مرغیوں کی کُل تعداد کتنی ہے ؟ $275 + 125 + 175 + 225 + 300 = 1100$

7 سعید کی مُرغیاں تعداد میں نعیم کی مُرغیوں سے کتنی کم ہیں ؟ $300 - 125 = 175$

8 کیاسعید اور یونس کی مرغیوں کی تعداد نعیم کی مُرغیوں کی تعداد کے برابر ہے ؟ (ہاں)

9 بتایئے اکی مُرغیاں تعداد میں کتنی ہیں ؟ 225

اِن مثالوں سے آپ نے دیکھا کہ تصویری گراف معلومات حاصل کرنے کا ایک آسان اور دلچسپ ذریعہ ہے

مشق 39

ذیل کے گرافوں کو پڑھ کر سوالات کے جواب دیں۔

1 باغ میں آم کے درختوں کی تعداد

اظہر	
مُبشّر	
عمران	
افضل	

جب کہ 50 آم کے درختوں کو ظاہر کرے۔

1	اظہر کے باغ میں کتنے آم کے درخت ہیں ؟
2	مبشّر کے باغ میں کتنے آم کے درخت ہیں ؟
3	عمران کے باغ میں کتنے آم کے درخت ہیں ؟
4	افضل کے باغ میں کتنے آم کے درخت ہیں ؟

2

سکول کی مختلف جماعتوں میں طلبا کی تعداد

طلبا کی تعداد

جماعت اوّل | دوم | سوم | چہارم | پنجم

ایک تصویر بیس طلبا کو ظاہر کرتی ہے۔

1 سب سے زیادہ طلبا کس جماعت میں ہیں اور اس جماعت میں کتنے طالب علم ہیں ؟
2 سب سے کم طلبا کس جماعت میں ہیں ؟
3 کن جماعتوں میں طلبا کی تعداد برابر ہے اور ان میں کتنے کتنے طلبا ہیں ؟ 4 سکول میں کل کتنے طلبا ہیں ؟

3

اگلے صفحے پر دیے گئے گراف میں ایک یونین کونسل کے پانچ وارڈوں کے ووٹر دکھائے گئے ہیں۔ گراف کو غور سے پڑھیں اور سوالوں کے جواب دیں۔

ایک تصویر 100 ووٹروں کو ظاہر کرتی ہے۔



1 تمام وارڈوں میں کل کتنے ووٹر ہیں ؟ 2 وارڈ "ب" میں کتنے ووٹر ہیں ؟

3 سب سے کم ووٹر کس وارڈ میں ہیں ؟ 4 ا اور ج وارڈوں کے ووٹروں میں کتنا فرق ہے ؟

4 سکول کی دوسری جماعت کا ریاضی کا نتیجہ



یہاں ایک تصویر پانچ طلبا کو ظاہر کرتی ہے۔ گراف کو دیکھ کر بتائیں کہ

1 کتنے طالب علم پہلے درجے میں پاس ہیں ؟

2 دوسرے درجے میں کتنے پاس ہیں ؟

3 تیسرے درجے میں کتنے پاس ہیں ؟


4 کتنے طالب علم فیل ہیں ؟

5 سب سے زیادہ طالب علم کس درجے میں پاس ہیں ؟

6 کُل کتنے طلبا نے اِمتحان دیا ؟

7 کُل کتنے طلبا پاس ہوئے ؟

5 پاکستان کے چند شہروں کی آبادی (1981 کی مردم شماری کے مطابق)



ایک گھر کی تصویر دو لاکھ کی آبادی کو ظاہر کرتی ہے۔

1 تمام شہروں کی آبادی علیحدہ علیحدہ لکھیں۔

2 کراچی کی آبادی لاہور کی آبادی کا کتنے گنا ہے ؟

3 سب سے زیادہ آبادی کس شہر کی ہے ؟

4 سب سے کم آبادی کس شہر کی ہے ؟

متفرق مشق 40

1 – ان عددوں کو ہندسوں میں لکھیں:

1	دو سو چوالیس	244	4	سات سو نواسی	
2	سات سو اکاون		5	دو سو سات	
3	پانچ سو اُناسی		6	آٹھ سو اٹھانوے	

2 – اِن عددوں کو زبانی لکھیں :

1	365		4	467	
2	549		5	887	
3	959		6	237	

3 – تین ہندسوں کا بڑے سے بڑا عدد لکھیں ۔

4 – چار ہندسوں کا چھوٹے سے چھوٹا عدد لکھیے۔

5 – 2، 3، 4 ہندسوں سے جتنے عدد بن سکتے ہیں ، بنائیں۔

234 ، 243 ، ....

6 – ایک کارخانے میں پہلے دِن 235 سلیٹیں تیار ہوئیں۔ دوسرے دن 343 اور تیسرے دِن 320 سلیٹیں تیار ہوئیں۔ تینوں دنوں میں کُل کتنی سلیٹیں تیار ہوئیں ؟

7 – اَسلم نے 875 روپے کے چاول خرید کر 987 روپے میں بیچ دیے۔ اسلم کو کتنے روپے فائدہ ہوًا ؟

8 – میرے چچا کی عمر 48 سال ہے۔ میرے ابا جان اُن سے 5 سال بڑے ہیں۔ میری پھوپھی ، میرے ابا جان سے 8 سال بڑی ہیں ۔ میری پھوپھی کی عمر بتائیں ؟

9 - ایک اِمتحان میں 98 لڑکوں میں سے 79 لڑکے پاس ہوئے۔ بتائیں کتنے لڑکے فیل ہوئے ؟



10- ایک کُرسی کی قیمت 160 روپے ہے۔ اور ایک میز کی قیمت 256 روپے ہے۔ دونوں کی کُل قیمت بتائیں ؟



11- ایک کاپی کی قیمت 10 روپے ہے۔ ایسی 8 کاپیاں کتنے میں ملیں گی ؟



12- 35 پنسلوں کی قیمت 35 روپے ہے۔ ایک روپے میں کتنی پنسلیں ملتی ہیں ؟



13- کُل کتنے روپے ہوئے۔ ایک ایک روپیہ کے 6 نوٹ ، دس دس روپے کے 8 نوٹ اور سو سو روپے کے نَو نوٹ ؟





14- رمضان سے شروع کر کے ، اسلامی مہینوں کے نام ترتیب وار لکھیں۔


رمضان ، شوال ، ذیقعد ، -

- -

15- ذیل کی شکلوں میں رنگ دار حصّہ پوری شکل کے کون سے حصّے کو ظاہر کرتا ہے ؟







اپیل

پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ آپ کا اپنا ادارہ ہے جو پنجاب کے طلبہ وطالبات کے لئے معیاری اور سستی نصابی کتب مہیا کرتا ہے۔ ان کتب کی تیاری ماہرین تعلیم کی زیر نگرانی کی جاتی ہے تاکہ بچوں میں تخلیقی صلاحیتیں اجاگر ہوں۔ کچھ ناشرین ایسی کتب شائع کرتے ہیں جن میں سوالاً جواباً مختصر ترین مواد ہوتا ہے ۔ان کتب میں ٹیسٹ پیپرز، گائیڈز، خلاصہ جات وغیرہ شامل ہیں۔ ایسی کتب کو رٹ لینے سے طلبہ وطالبات امتحان تو شاید پاس کرلیں مگر ان کی ذہنی تربیت نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔ ایسے بچے اعلیٰ پیشہ ورانہ اداروں میں ناکام ہو جاتے ہیں۔ محترم والدین، اساتذہ کرام اور عزیز طلبہ وطالبات سے گزارش ہے کہ وہ کسی قسم کی غیر معیاری کتب خریدنے کے پابند نہیں ہیں اور اگر کوئی فرد انھیں اس سلسلے میں مجبور کرے تو وہ فوراً مندرجہ ذیل پتہ پر اطلاع دیں۔

جماعت دوم کے لیے صرف درج ذیل کتب ہی وفاقی وزارت تعلیم، حکومت پاکستان اور محکمہ تعلیم حکومت پنجاب کی طرف سے منظور شدہ ہیں۔ اِن کو پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ نے شائع کیا ہے اور اِن پر نیچے دیا گیا بورڈ کا خاص نشان موجود ہے۔

جماعت دوم کے لیے بورڈ کی شائع کردہ کتب یہ ہیں :

1- میری کتاب
2- عملی ریاضی
3- سائنس
4- اِنگلش سٹیپ-II

نوٹ : جماعت اول اور دوم کے لئے معاشرتی علوم اور اسلامیات کی باقاعدہ کوئی درسی کتاب نہیں۔ نصاب کے مطابق ان جماعتوں کے طلبہ وطالبات کو اساتذہ زبانی تعلیم دیتے ہیں۔

میجر (ریٹائرڈ) اِقبال احمد
چیئرمین
پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ،
21-ای-II-گلبرگ-3، لاہور۔



تصحیح نامہ

صفحہ نمبر	لائن نمبر	غلط	درست
92	2	مندرکہ	مندرجہ

تیار کردہ: پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور
منظور کردہ: وفاقی وزارت تعلیم، حکومت پاکستان اسلام آباد۔

قومی ترانہ

پاک سرزمین شاد باد   کشورِ حسین شاد باد
تو نشانِ عزمِ عالی شان   ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد
پاک سرزمین کا نظام   قوتِ اخوتِ عوام
قوم، ملک، سلطنت   پائندہ تابندہ باد
شاد باد منزلِ مراد
پرچمِ ستارہ و ہلال   رہبرِ ترقی و کمال
ترجمانِ ماضی شانِ حال   جانِ استقبال
سایۂ خدائے ذوالجلال

سیریل نمبر 111037

سال اشاعت	ایڈیشن	طباعت	تعداد اشاعت	قیمت
مارچ 1999ء	دوم	اول	507000	22.60